محشر کی سخت گرمی میں عرشِ الٰہی کا سایہ پانے والے خوش نصیبوں کا بیان

تَمْهِيْدُ الْفُرُش فِی الْخِصَالِ الْمُوْجِبَةِ لِظِلِّ الْعَرْش

ترجمہ بنام

سایۂ عرش کس کس کو ملے گا...؟

مُصنِّف

امام جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر سیوطی شافعی علیہ رحمۃ اللہ الکافی

المتوفی ۹۱۱ھ

مکتبۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)

SC1286

مدنی چینل دیکھتے رہئے

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی) شعبہ تراجم

محشر کی سخت گرمی میں عرش الٰہی عَزَّوَجَلَّ کا سایہ پانے والے خوش نصیبوں کا بیان

تَمْهِيْدُ الْفَرْشِ فِي الْخِصَالِ الْمُوْجِبَةِ لِظِلِّ الْعَرْش

ترجمہ بنام

سایۂ عرش کس کس کو ملے گا...؟

مُصنِّف

امام جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر سیوطی شافعی علیہ رحمۃ اللہ الکافی

المتوفیٰ ۹۱۱ھ

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیہ (شعبہ تراجم کتب)

ناشر

مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

www.dawateislami.net

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلٰی آلک واصحابک یاحبیب اللہ

نام کتاب : سایۂ عرش کس کس کو ملے گا؟

ترجمہ : تَمْهِيدُ الْفَرْشِ فِي الْخِصَالِ الْمُوْجِبَةِ لِظِلِّ الْعَرْش

مصنف : امام جلال الدین سیوطی شافعی علیہ رحمۃ اللہ القوی

پیش کش : مجلس المدینۃ العلمیۃ (شعبہ تراجمِ کتب)

تاریخِ اشاعت: محرم الحرام ۱۴۲۹ھ، فروری 2008ء

تاریخِ اشاعت: ۱۴۳۱ھ، 2010ء تعداد: 1500 (پندرہ سو)

تاریخِ اشاعت: ۱۴۳۲ھ، 2011ء تعداد: 8000 (آٹھ ہزار)

تاریخِ اشاعت: ۱۴۳۳ھ، 2012ء تعداد: 5000 (پانچ ہزار)

تاریخِ اشاعت: ۱۴۳۴ھ، 2013ء تعداد: 3000 (تین ہزار)

تاریخِ اشاعت: ربیع الاول ۱۴۳۵ھ، جنوری 2014ء تعداد: 3000 (تین ہزار)

تاریخِ اشاعت: رجب المرجب ۱۴۳۵ھ، مئی 2014ء تعداد: 5000 (پانچ ہزار)

ناشر : مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

E.mail:ilmia@dawteislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

تنبیہ: کسی اور کو یہ کتاب چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

”سایۂ عرش ہو عطا یارب !“ کے سترّہ حُرُوف کی نسبت سے اِس کتاب کو پڑھنے کی 17 نیّتیں

اَز: شیخ طریقت، امیرِ اہلسنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ
مولانا ابو بلال **محمد الیاس** عطار قادری رَضَوی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ

فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ** ۵ مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی ج٦ ص١٨٥ حدیث ٥٩٤٢)

دو مَدَنی پھول: ﴿۱﴾ بغیر اچھّی نیّت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔
﴿۲﴾ جتنی اچھّی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

﴿۱﴾ ہر بار حمد و ﴿۲﴾ صلوٰۃ اور ﴿۳﴾ تعوُّذ و ﴿٤﴾ تَسمِیہ سے آغاز کروں گا (اسی صَفْحہ پر اُوپر دی ہوئی دو عَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عمل ہو جائے گا) ﴿۵﴾ رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لئے اس کتاب کا اوّل تا آخِر مطالعہ کروں گا۔ ﴿٦﴾ حتَّی الْوَسْع اِس کا باوُضُو اور ﴿۷﴾ قِبلہ رُو مُطالَعہ کروں گا ﴿۸﴾ قراٰنی آیات اور ﴿۹﴾ اَحادیثِ مبارَکہ کی زِیارت کروں گا ﴿۱۰﴾ جہاں جہاں ”اللہ“ کا نام پاک آئے گا وہاں عَزَّوَجَلَّ اور ﴿۱۱﴾ جہاں جہاں ”سرکار“ کا اِسمِ مبارک آئے گا وہاں صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور ﴿۱۲﴾ جہاں جہاں کسی صحابی کا نام مبارک آئے گا رضی اللہ تعالٰی عنہ پڑھوں گا ﴿۱۳﴾ اس کتاب کا مطالعہ شروع کرنے سے پہلے اس کے مؤلف کو ایصال

www.dawateislami.net

ثواب کروں گا ﴿۱٤﴾ (اپنے ذاتی نسخے کے) ''یادداشت'' والے صَفْحہ پر ضَروری نِکات لکھوں گا ﴿۱۵،۱٦﴾ اس حدیثِ پاک ''تَھَادَوْا تَحَابُّوْا'' ایک دوسرے کوتحفہ دو آپس میں محبت بڑھے گی'' ﴿مؤطا امام مالک ج۲ص ٤۰۷ حدیث ۱۷۳۱﴾ پر عمل کی نیت سے (ایک یا حسبِ توفیق) یہ کتاب خرید کر دوسروں کوتحفۃً دوں گا ﴿۱۷﴾ کتابت وغیرہ میں شَرْعی غَلَطی ملی تو ناشرین کوتحریری طور پر مُطَّلع کروں گا (ناشِرین وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صِرْف زبانی بتانا خاص مفید نہیں ہوتا)

اچھی اچھی نیّتوں سے متعلق رَہنمائی کیلئے، **امیرِ اہلسنّت** دامت بَرَکاتُہُم العالیہ کا منفرِد سنّتوں بھرا بیان ''**نیّت کا پھل**'' اور نیتوں سے متعلق آپ کے مُرتّب کردہ **کارڈ** یا **پمفلٹ مکتبۃ المدینہ** کی کسی بھی شاخ سے ھدیّۃً حاصل فرمائیں۔

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

المدینة العلمیة

از: شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علاّمہ
مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ

الحمد للّٰہ علٰی اِحْسَانِہٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم

تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''**دعوتِ اسلامی**'' نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اشاعتِ علمِ شریعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحُسنِ خوبی سرانجام دینے کے لئے متعدَّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس ''**المدینة العلمیة**'' بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے عُلماء ومُفتیانِ کرام کَثَّرَھُمُ اللّٰہُ تعالٰی پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اور اشاعتی کام کا بیڑا اُٹھایا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

(۱) شعبۂ کُتُبِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ (۲) شعبۂ درسی کُتُب
(۳) شعبۂ تراجمِ کتب (۴) شعبۂ تفتیشِ کُتُب
(۵) شعبۂ اصلاحی کُتُب (۶) شعبۂ تخریج

''**المدینة العلمیة**'' کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البرکت، عظیمُ المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجدِّدِ دین ومِلّت، حامیٔ

www.dawateislami.net

سنّت، ماحئ بدعت، عالمِ شریعت، پیرِ طریقت، باعثِ خیر وبرکت، حضرتِ علّامہ مولینا الحاج الحافظ القاری الشّاہ اِمام اَحمد رَضا خان علَیہِ رَحمۃُ الرَّحمٰن کی گراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الوَسع سَہل اُسلُوب میں پیش کرنا ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس عِلمی، تحقیقی اور اشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مطالعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عزوجل ''دعوتِ اسلامی'' کی تمام مجالس بشُمُول ''**المدینة العلمیة**'' کو دن گیارھویں اور رات بارھویں ترقّی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عملِ خیر کو زیورِ اخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بھلائی کا سبب بنائے۔ ہمیں زیرِ گنبدِ خضرا شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ النّبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم

رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

www.dawateislami.net

یادداشت

دورانِ مطالعہ ضرورتاً انڈر لائن کیجئے، اشارات لکھ کر صفحہ نمبر نوٹ فرما لیجئے۔ ان شاء اللہ عزوجل علم میں ترقّی ہوگی۔

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ

www.dawateislami.net

فہرست

صفحہ نمبر	مضامین	نمبر شمار
9	پہلے اسے پڑھ لیجئے!	1
13	تعارفِ مصنف	2
18	سایۂ عرش پانے والے پہلے سات اشخاص	3
19	سایۂ عرش پانے والے چار خوش نصیب	4
20	حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مکتوب	5
20	سایۂ عرش پانے والوں کا جُدا جُدا بیان	6
20	عادل حکمران پر عرش کا سایہ	7
21	اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرنے والوں کے فضائل	8
23	باہم محبت کرنے والوں پر عرش کا سایہ	9
25	صدقہ کرنے والوں پر عرش کا سایہ	10
27	سایۂ عرش پانے والے دیگر سات اشخاص	11
27	تنگدست مقروض کو مہلت دینے کی فضیلت	12
27	حدیثِ پاک کی شرح	13
31	مجاہدین کی مدد کرنے پر انعام	14
32	غازی کے سر پر سایہ کرنے کی فضیلت	15
32	اپنی قوم کی حمایت میں تلوار اٹھانا	16
33	ساتویں خصلت کے متعلق احادیثِ مبارکہ	17
35	سایۂ عرش پانے والے چودہ اشخاص کا بیان	18
35	بھوکے کو کھانا کھلانے کا صلہ	19
36	حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرسل احادیث	20
37	ناسمجھ کے ساتھ تعاون کی فضیلت	21
37	بیوہ و یتیم کی کفالت کا ثواب	22
39	صفوان کی مٹی کا صحیفہ	23
41	خوش اخلاق، جوارِ رحمت میں ہوگا	24
42	سب سے پہلے سایۂ عرش پانے والے	25

www.dawateislami.net

26	نمازِ جنازہ پڑھا کرو	42
27	عادل بادشاہ کو دھوکہ دینے کا نقصان	43
28	بچے کی موت پر صبر کا اجر	43
29	مخلوق پر رحم کی فضیلت	44
30	امام ابن حجر علیہ رحمۃ اللہ الاکبر کے چند اشعار	45
31	مُصنف رحمۃ اللہ علیہ پر ظاہر ہونے والے خصائل کا بیان	46
32	اللہ عَزَّوَجَلَّ ہر وقت ساتھ ہے	47
33	صاف دل اور پاک کمائی	47
34	آسمانوں میں شہرت رکھنے والے	48
35	اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب ترین بندے	49
36	اولاد کو سکھاؤ محبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی	49
37	بچپن سے بڑھاپے تک تلاوتِ قرآن کریم	50
38	اللہ عَزَّوَجَلَّ سے گفتگو کرتے ہوں گے	51
39	بارگاہِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے مقربین	51
40	مشک وعنبر کے ٹیلوں پر ہوں گے	52
41	زنا، رشوت اور سود سے بچنے پر خوشخبری	52
42	نمازی اور سایۂ رحمت	53
43	درود پاک کی کثرت	54
44	عیادت وتعزیت کی فضیلت	55
45	روزہ داروں پر رحمت	57
46	حضرت مُصنّف رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق	60
47	محبتِ مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سایۂ عرش	60
48	سورۃ الانعام اور چالیس ہزار فرشتے	60
49	ستّر فرشتے دعائے مغفرت کرتے ہیں	61
50	ذکرِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کی برکتیں	62
51	عاجزی کرنے والوں کی خوش قسمتی	62
52	نیکی کی دعوت دینے والے خوش نصیب	63
53	مُقرَّبینِ بارگاہ کی نشانیاں	64

www.dawateislami.net

54	مسجدوں کو آباد رکھو	64
55	دل میں حق اور زبان پر سچ	65
56	سایۂ عرش میں کس کو دیکھا؟	66
57	اطاعتِ والدین، سایۂ عرش کے حصول کا ذریعہ ہے	66
58	عرش کا نور	67
59	مُصنّف رحمۃ اللہ علیہ کے چند اشعار	68
60	مُصَنِّف رحمۃ اللہ علیہ کی مزید تلاش وجستجو	69
61	شہداء کی اقسام اور ان کے فضائل	69
62	تعلیمِ قرآن پاک پر مغفرت کی بشارت	71
63	سونے کے منبر اور چاندی کے گنبد	71
64	مسلمانوں کے بچے شفاعت کریں گے	72
65	شہزادۂ رحمتِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالٰی عنہ	72
66	مسلمان بچے، سایۂ عرش میں ہوں گے	73
67	نمازِ مغرب کے بعد دو نفل پڑھنے کی فضیلت	73
68	موتیوں کی کرسیاں	74
69	فرامینِ صحابہ رضی اللہ تعالٰی عنہم کی شرح	76
70	سوال وجواب	77
71	امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کی شرح	77
72	حضرت مُصَنِّف رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق	78
73	اَلْفَزَعُ الْاَکْبَر سے بے خوفی	79
74	لمبی گردنوں والے	79
75	اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خاص بندے	80
76	ہجرت کرنے والوں کی شان	80
77	علم سے گفتگو اور حلم سے خاموشی	81
78	اختتامِ کتاب	82
79	ماخذ ومراجع	84
80	المدینۃ العلمیہ کی کتب	86

www.dawateislami.net

پہلے اسے پڑھ لیجئے!

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!

عقل انسانی کو حیرت زدہ کر دینے والا عرشِ عظیم بھی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی مخلوقات میں سے ایک مخلوق ہے جو بغیر ستونوں کے قائم ہے اور اس کی قدرت کا عظیم شاہکار ہے ۔اور مخلوقِ خداوندی میں سب سے بڑا ہے جیسا کہ مفسِّرِ قرآن امام ابوعبداللہ محمد بن احمد انصاری قرطبی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں: ''عرش، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی مخلوقات میں سب سے بڑا ہے۔''

(الجامع لاحکام القرآن ،سورۃ الاعراف،تحت الآیۃ ٥٤،ج ٤،ص١٥٩)

علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش کی حقیقت کو کوئی نہیں جانتا ہم صرف اس کا نام جانتے ہیں ۔'' اور اس پر اس حدیث سے استدلال کیا، چنانچہ امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت سیدنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے **اللہ** کے محبوب، دانائے غیوب عَزَّوَجَلَّ وصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: ''یارسول اللہ عَزَّوَجَلَّ وصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! آپ پر سب سے عظیم آیت کون سی نازل ہوئی؟'' تو حضورنبی کریم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''آیت الکرسی ۔'' پھر ارشاد فرمایا: ''اے ابوذر! ساتوں آسمان کرسی کے مقابلے میں ایسے ہیں جیسے کسی بیابان میں لوہے کا چھلّا پڑا ہو اور عرش کرسی کے مقابلے میں ایسا ہے جیسے بیابان زمین لوہے کے چھلّے کے مقابل ہے۔

(الاسماء والصفات للبیھقی، مصنف ابن ابی شیبہ بحوالہ مفردات الفاظ القرآن،ص٥٥٨)

www.dawateislami.net

اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے مطیع وفرماں بردار خاص بندوں کو اپنے عظیم عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔ انسان دنیا میں اپنے اہل وعیال کی خاطر دکھ درد اور تکالیف برداشت کرتا ہے ان کے لئے بڑے بڑے گناہ کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتا مگر قیامت کے دن ''نفسی نفسی'' کا عالم ہوگا اور وہ ان سب سے دور بھاگ رہا ہوگا۔ جیسا کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے:

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ۝

ترجمۂ کنز الایمان: اس دن آدمی بھاگے گا اپنے بھائی اور ماں اور باپ اور جورو اور بیٹوں سے۔ (پ ۳۰، عبس: ۳۴ تا ۳۶)

نیز اس وقت کیا حال ہوگا جب سورج ایک یا دو کمان کے فاصلے پر رہ کر آگ برسا رہا ہوگا ہر ایک پسینے سے شرابور ہو رہا ہوگا، عرش الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا ہر ایک سائے کی تلاش میں مارا مارا پھرتا ہوگا مگر عرش کا سایہ تو انہی خوش نصیبوں کو ملے گا جنہوں نے دنیا میں اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کو راضی کیا ہوگا، اپنے دنیوی سکون کو قربان کر کے رب کریم عَزَّوَجَلَّ کی رضا وخوشنودی چاہی ہوگی۔

زیرِ نظر رسالہ "**تَمْهِيْدُ الْفَرْشِ فِي الْخِصَالِ الْمُوْجِبَةِ لِظِلِّ الْعَرْش**" (یعنی سایۂ عرش کا مستحق بنانے والے اعمال کے لئے راہ کو ہموار کرنا) میں امام جلال الدین سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی نے احادیث مبارکہ کی روشنی میں دلائل سے ثابت کیا ہے کہ 70 سے زائد اقسام کے خوش نصیب عرش الٰہی عَزَّوَجَلَّ کا سایہ پائیں گے۔ اسی اہمیت کے پیش نظر تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کی مجلس المدینۃ العلمیہ کے ''شعبہ تراجم کتب'' نے اس کا اردو ترجمہ، بنام ''سایۂ عرش کس کس کو ملے گا؟'' پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے تا کہ زیادہ سے زیادہ اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اس سے استفادہ کر سکیں۔

www.dawateislami.net

ترجمہ کرتے ہوئے درج ذیل امور کا خیال رکھا گیا ہے:

☆......ترجمہ کے لئے ''مکتبة مشکاة الاسلامیة بیروت'' کا نسخہ استعمال کیا گیا ہے۔

☆......ترجمہ سلیس اور بامحاورہ کیا گیا ہے تاکہ کم پڑھے لکھے اسلامی بھائی بھی اچھی طرح استفادہ کرسکیں۔

☆......آیات کا ترجمہ اِمامِ اہلِ سنت، مجدِّدِ دین وملت الشاہ اِمام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے شہرہ آفاق ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' سے لیا گیا ہے۔

☆......احادیث کی تخریج اصل ماخذ سے کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور باقی حوالہ جات میں جو کتب دستیاب ہوسکیں ان سے تخریج کی گئی ہے۔

☆......مشکل الفاظ کے معانی ومطالب بریکٹ میں لکھ دیئے گئے ہیں اور بعض الفاظ پر اعراب لگائے گئے ہیں۔

☆......جہاں ''اصول حدیث'' کی اصطلاحات ہیں ان کی حاشیہ میں وضاحت کردی گئی ہے۔

☆......علاماتِ ترقیم (رُمُوزِ اَوقاف) کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

☆......مطالعہ کرنے والے غیر عالم اسلامی بھائیوں کی دلچسپی برقرار رکھنے کے لئے احادیث کریمہ کی اسناد ذکر نہیں کی گئیں۔

الغرض! یہ کتاب آپ تک پہنچانے کے لئے ''**دعوتِ اسلامی**'' کے مدنی اسلامی بھائیوں نے مسلسل کوشش کی ہے۔ اگر اس ترجمہ میں کوئی خوبیاں ہیں تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی عطا، **میٹھے میٹھے مصطفٰی**، جناب احمد مجتبیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کی عنایتوں اور **علماء کرام** رحمہم اللہ تعالیٰ بالخصوص **شیخ طریقت امیرِ اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری** مدظلہ العالی

www.dawateislami.net

کی برکتوں کا نتیجہ ہے اور اگر اس میں کوئی خامی ہو تو ہماری نادانستہ کوتاہی کی وجہ سے ہے۔

اس کتاب کا مطالعہ کرنے والے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے گزارش ہے کہ اسے نہ صرف خود پڑھیں بلکہ دوسروں کو بھی اس کے پڑھنے کا ذہن دے کر نیکی کی دعوت عام کرنے کا ثواب کمائیں اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! اس کی برکت سے آپ کو دین و دنیا کی نعمتیں حاصل ہوں گی۔ اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ ہمیں "اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش" کرنے کے لئے **مدنی انعامات** پر عمل اور **مدنی قافلوں** میں سفر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور دعوت اسلامی کی تمام مجالس بشمول **مجلس المدینۃ العلمیۃ** کو دن پچیسویں رات چھبیسویں ترقی عطا فرمائے۔ اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

شعبہ تراجم کتب (مجلس المدینۃ العلمیۃ)

سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "آدمی کا اپنے والدین کو گالیاں دینا کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔" عرض کی گئی: "کیا کوئی شخص اپنے والدین کو بھی گالیاں دے سکتا ہے؟" تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "ہاں! جب آدمی کسی شخص کے والدین کو گالیاں دیتا ہے تو وہ جواب میں اس کے والدین کو گالیاں دیتا ہے۔"

(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الکبائر و اکبرھا، الحدیث:۲۶۳، ص۶۹۳)

www.dawateislami.net

تعارُفِ مُصنّف

نام ونسب:

لقب: جلال الدین، کنیت: ابوالفضل، نام ونسب: عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد بن ابوبکر بن عثمان بن محمد بن خضر بن ایوب بن محمد بن ہمام، اورنسبت: خُضَیْرِی مصری سیوطی شافعی رحمہم اللہ تعالیٰ

ولادتِ باسعادت:

آپ رحمۃ اللہ علیہ یکم رجب ۸۴۹ ہجری مصر کے شہر قاہرہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے آباواجداد کا تعلق چونکہ مصر کے قدیم قصبہ سیوط سے ہے، اسی نسبت سے آپ کو سیوطی کہا جاتا ہے۔

تعلیم وتربیت:

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ صرف نامور مصنف، بلند پایہ مفسر، محدث، فقیہ، ادیب، شاعر، مؤرّخ اور ماہر لغت ہی نہ تھے بلکہ اپنے زمانے کے مجدِّد بھی تھے۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا حافظہ نہایت قوی تھا، آٹھ برس کی عمر میں قرآن مجید حفظ کرلیا پھر دیگر علوم وفنون کے حصول میں مصروف ہوگئے، علم حدیث میں امام شیخ تقی الدین شبلی حنفی علیہ رحمۃ اللہ الغنی، شیخ الاسلام صالح بن عمر بُلقینی علیہ رحمۃ اللہ القوی اور دیگر محدثین رحمہم اللہ تعالیٰ سے استفادہ کیا۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تصوف اور سلوک کی منازل مشہور صوفی بزرگ شیخ کمال الدین محمد بن محمد مصری شافعی علیہ رحمۃ اللہ الوالی کے زیر سایہ طے کیں اور انہی کے

www.dawateislami.net

دستِ مبارک سے خرقۂ تصوف پہنا اور خلقِ خدا کو فیض یاب کیا۔

آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو ۸۷۱ھ میں جَامِعَه شَیخُونِیَه میں شیخ الحدیث کا منصب ملا، اسی جامعہ میں درس وتدریس کے دوران قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب ''اَلشِّفَـاءُ بِتَعْرِیفِ حُقُوقِ الْمُصْطَفٰی'' آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حلقہ درس میں مکمل ختم ہوئی۔

تقویٰ وپرہیزگاری:

آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تقویٰ وتزکیہ کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے، اکثر اوقات یادِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں مستغرق رہتے، نمازِ تہجد باقاعدگی سے ادا فرمایا کرتے تھے، اگر کبھی رہ جاتی تو اتنے پریشان ہوتے کہ بیمار پڑ جاتے۔

حضور صلَّی اللہ علیہ وسلَّم نے لقب عطا فرمایا:

علوم حدیث میں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ذات سے مسلمانانِ عالم نے بڑا فیض حاصل کیا، علمِ حدیث میں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو بارگاہِ رسالت صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم سے **شیخ الحدیث** کا لقب عطا ہوا۔ چنانچہ،

آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ خود فرماتے ہیں کہ ربیع الاول ۹۰۴ھ جمعرات کی شب میں نے خواب میں دیکھا کہ میں دربارِ رسالت علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام میں حاضر ہوں، میں نے آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کی بارگاہ میں حدیث پاک کے بارے میں اپنی ایک تالیف کا تذکرہ کرتے ہوئے عرض کی: ''اگر اجازت مرحمت فرمائیں تو اس میں سے کچھ پڑھ کر سناؤں؟'' حضورِ اکرم، رسولِ مُحتشم، شاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''**سناؤ شیخ الحدیث!**'' مجھے آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا شیخ الحدیث کے

www.dawateislami.net

الفاظ سے یاد فرمانا دنیا و مافیہا سے اچھا معلوم ہوا۔'' (جامع الاحادیث، ج۱، ص۱۲)

75 مرتبہ دیدارِ مصطفٰے صلَّی اللہ علیہ وسلَّم:

آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بہت بڑے عاشقِ رسول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم تھے، اور اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو **75** مرتبہ حالتِ بیداری میں حضور صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کی زیارت نصیب ہوئی۔

تصانیف:

آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو اپنی ذہانت کی بنا پر دو لاکھ احادیث یاد تھیں۔ علمِ حدیث میں دو سو سے زائد کتابیں تصنیف کیں۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جلیل القدر مفسّر بھی تھے۔ تفسیر بالماثور میں ''الدر المنثور'' بیان لغت میں ''جلالین'' آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی قرآن فہمی کا واضح ثبوت ہے۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تصنیف وتالیف کے میدان میں اپنی مثال آپ تھے، کثرتِ تالیفات میں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو نہایت بلند مقام حاصل ہے۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصانیف وتالیفات پانچ سو سے زائد ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی چند مشہور کتابوں کے نام یہ ہیں:

(۱) اَلدُّرُّ الْمَنْثُوْرُ فِی التَّفْسِیْرِ بِالْمَاثُوْر (۲) اَلْاِتْقَانُ فِیْ عُلُوْمِ الْقُرْاٰن (۳) جَمْعُ الْجَوَامِع اَوِالْجَامِعُ الْکَبِیْر (٤) اَلْجَامِعُ الصَّغِیْر (٥) تَدْرِیْبُ الرَّاوِی فِیْ تَقْرِیْبِ النَّوَاوِی (٦) طَبَقَاتُ الْحُفَّاظ (۷) اَللَّآلِئُ الْمَصْنُوْعَةُ فِی الْاَحَادِیْثِ الْمَوْضُوْعَة (۸) قُوْتُ الْمُغْتَذِی عَلٰی جَامِعِ التِّرْمِذِی (۹) تَفْسِیْرُ الْجَلَالَیْن (۱۰) لُبَابُ النُّقُوْل فِیْ اَسْبَابِ النُّزُوْل (۱۱) اَلْاِکْلِیْلُ فِیْ

www.dawateislami.net

اِستِنبَاطِ التَّنزِیل(۱۲)اَلحَاوِیُ لِلفَتَاوٰی.

وفات:

۹۰۶ھ ہجری میں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے گھر ''رَوضَۃُ الْمِقْیَاس'' میں خلوت نشین ہو گئے، آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا دل دُنیا اور اہل دنیا سے اُکتا گیا، ہمہ تن یادِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں مشغول رہنے لگے۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا وصال ۱۹ جمادی الاولیٰ ۹۱۱ھ میں ہوا۔ اس طرح آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ۶۲ سال کی عمر پائی۔

﴿اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رحمت ہو..اور..اُن کے صدقے ہماری مغفرت ہو﴾

اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم

دعوتِ اسلامی کے سنتوں کی تربیت کے مدنی قافلوں میں سفر اور روزانہ فکرِ مدینہ کے ذریعے مدنی انعامات کا رسالہ پر کر کے ہر مدنی (اسلامی) ماہ کے ابتدائی دس دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے (دعوت اسلامی کے) ذمہ دار کو جمع کروانے کا معمول بنالیجئے ان شاء اللہ عزوجل اس کی برکت سے پابند سنت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لئے کڑھنے کا ذہن بنے گا۔

www.dawateislami.net

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَاظِلَّ اِلَّاظِلَّہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

عَلٰی مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ عَلَامَقَامُہٗ وَرَفَعَ مَحَلُّہٗ

تمام تعریفیں عظمت والے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں کہ بروزِ قیامت جس کے سایۂ رحمت کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا اور درود وسلام ہو حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم پر جن کا مقام بلند اور مرتبہ اونچا ہے۔

اَمَّا بَعْدُ!

مشہور حدیث پاک میں سات ایسے خوش نصیبوں کا ذکر ہے جنہیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے عرشِ عظیم کا سایہ عطا فرمائے گا اور انہی سات خوش نصیبوں کا ذکر شیخ ابو شامہ نے بھی اپنے دو اشعار میں کیا ہے۔

طویل عرصہ مشائخ اس بارے میں بحث وتمحیص کرتے رہے کہ کیا ان سات کے علاوہ کسی آٹھویں شخص کو بھی عرشِ عظیم کا سایہ نصیب ہوگا یا نہیں؟ شیخ الاسلام ابوالفضل امام ابن حجر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ان سات افراد پر ان لوگوں کا اضافہ فرمایا جن کا ذکر احادیث صحاح میں آیا ہے۔ اور ان کو اپنے دو اشعار میں جمع کر دیا پھر مزید تلاش کی تو اَب سات کے بجائے دُگنے (یعنی چودہ) ہو گئے۔ اور ان کو چار اشعار میں جمع کیا ہے۔

(حضرت مصنف علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''عرش کا سایہ پانے والوں کے بارے میں میرے پاس ان سے بھی زیادہ احادیث ہیں جو کہ دیگر اعمال وخصائل کے بارے میں ہیں، اور ان سب افراد کا ذکر میں نے اس کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ جس میں اس (باب) کے اصول اور بنیادی باتوں کو بیان کیا ہے، صرف

www.dawateislami.net

ترغیب ہی نہیں دلائی بلکہ تمام احادیث کے ساتھ ان کے تمام شواہد تصریحاً یا اشارتاً ذکر کر دیئے ہیں اور اس کا نام ''تَمْهِيْدُ الْفَرْشِ فِي الْخِصَالِ الْمُوْجِبَةِ لِظِلِّ الْعَرْشِ (یعنی سایۂ عرش کا مستحق بنانے والے اعمال کے لئے راہ کو ہموار کرنا) رکھا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ ہی سے بھلائی کی توفیق اور سیدھے راستہ پر چلنے کا سوال کرتا ہوں۔''

سایۂ عرش پانے والے پہلے سات اشخاص

(۱)......حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ اور حضرت سیِّدُ نا ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان عالیشان ہے: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ سات اشخاص کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا (۱) عادل حکمران (۲) وہ نوجوان جس کی جوانی عبادتِ الٰہی میں گزری (۳) وہ شخص جس کا دل مسجد سے نکلتے وقت مسجد میں لگا رہے حتی کہ واپس لوٹ آئے (۴) وہ دو شخص جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرتے ہوئے جمع ہوئے اور محبت کرتے ہوئے جدا ہو گئے (۵) وہ شخص جو خلوت میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتا ہو اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلیں (۶) وہ شخص جسے کوئی مال و جمال والی عورت گناہ کیلئے بلائے اور وہ کہے کہ ''میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتا ہوں۔'' (۷) وہ شخص جو اس طرح چھپا کر صدقہ دے کہ اس کے بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو کہ دائیں نے کیا صدقہ کیا۔''

(بخاری، کتاب المحاربین، باب فضل من ترك الفواحش ٤/٣٣٧، حدیث: ٦٨٠٦)

(۲)......حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''سات اشخاص اللہ

www.dawateislami.net

عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے سایہ میں ہوں گے۔(۱)وہ شخص جو خلوت میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرے اوراس کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑیں (۲) وہ شخص جس نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی عبادت میں اپنی جوانی گزاری (۳) وہ شخص جس کا دل مسجدوں سے محبت کی وجہ سے انہی میں لگا رہے (۴) وہ شخص جو اپنے دائیں ہاتھ سے اس طرح چھپا کر صدقہ کرے کہ بائیں کو خبر نہ ہو (۵) وہ دو شخص جو باہم ملتے ہیں تو ان میں سے ہر ایک دوسرے سے کہتا ہے: ''میں تجھ سے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے محبت کرتا ہوں۔''اور اسی پر قائم رہیں (۶) وہ شخص جس کے پاس مال و جمال والی کوئی عورت بھیجی گئی جو اسے اپنی طرف (گناہ کی) دعوت دے تو وہ کہے: ''میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتا ہوں'' اور (۷) عادل حکمران۔''

(شعب الایمان،فصل فی ادامة ذکراللہ ،الحدیث۵۴۹، ج۱،ص۴۰۵)

سایۂ عرش پانے والے چار خوش نصیب:

حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی مُکَرَّم،نُورِ مُجَسَّم، رسولِ اَکرم،شہنشاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا ارشاد خوشبودار ہے: ''چار اشخاص **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔(۱) وہ جوان جس نے اپنی جوانی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کے لئے وقف کر دی۔(۲) وہ شخص جو اپنے دائیں ہاتھ سے اس طرح چھپا کر صدقہ کرے کہ بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو (۳) وہ تاجر جو خرید و فروخت میں حق کا معاملہ کرتا ہو اور (۴) وہ شخص جو لوگوں پر حاکم ہو اور مرتے دم تک عدل و انصاف سے کام لے۔'' (الکامل فی ضعفاء الرجال ، ج۸، الحدیث ۲۰۲۴، ص ۴۰۸)

www.dawateislami.net

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مکتوب:

حضرت سَیِّدُ نا سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سَیِّدُ نا ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف خط لکھا کہ'' ان صفات کے حامل لوگ عرش کے سائے میں ہوں گے (۱) انصاف کرنے والا حکمران (۲) وہ مالدار جو اپنے دائیں ہاتھ سے اس طرح صدقہ کرے کہ بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو (۳) وہ شخص جس کو حسب و منصب والی عورت اپنی طرف دعوتِ (گناہ) دے اور وہ کہے کہ ''میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے'' (۴) وہ شخص جس کی نشونما اس حال میں ہوئی کہ اس کی صحبت، جوانی اور قوت **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی پسند اور رضا والے کاموں میں صرف ہوئی (۵) وہ شخص جس کا دل مساجد سے محبت کی وجہ سے انہی میں لگا رہتا ہے (۶) وہ شخص جس نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کیا اور اس کے خوف سے اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے اور (۷) ایسے دو شخص جو باہم ملیں تو ان میں سے ایک دوسرے سے کہے: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں تم سے رضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کی خاطر محبت کرتا ہوں۔''

(المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، الحدیث ۱۲، ج۸، ص ۱۷۹)

سایۂ عرش پانے والوں کا جُدا جُدا بیان

عادل حکمران پر عرش کا سایہ:

عدل و انصاف سے کام لینے والے بادشاہ کے بارے میں اشارتاً تو بہت سی احادیث مبارکہ ہیں نیز حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی حدیث مروی ہے جو عنقریب آئے گی، یہاں پر ان احادیث مبارکہ کو بیان کیا جاتا ہے جو عادل حکمران

www.dawateislami.net

کے بارے میں واضح وصریح ہیں۔ چنانچہ،

(۱)......حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم، رء وف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ بشارت نشان ہے: ''انصاف کرنے والے بادشاہ بروزِ قیامت **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے قرب میں عرش کے دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے اور یہ وہ ہوں گے جو اپنی رعایا اور اہل وعیال کے درمیان فیصلہ کرتے وقت عدل وانصاف سے کام لیتے تھے۔''

(صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب فضیلۃ الامیر العادل... الخ، الحدیث ۴۷۲۱، ص ۱۰۰۵)

(۲)......نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان ذیشان ہے: ''عادل حکمران بروزِ قیامت **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا سب سے زیادہ محبوب اور سب سے زیادہ اس کے قرب میں ہوگا۔''

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرنے والوں کے فضائل:

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے آپس میں محبت کرنے والوں کے بارے میں مستقل احادیث مبارکہ بھی مروی ہیں اور ان کے علاوہ دیگر بھی ہیں، یہاں پر حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیِّدُ نا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیِّدُ نا عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سیِّدُ نا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی مستقل احادیث مبارکہ بیان کی جاتی ہیں۔ چنانچہ،

(۱)......حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن وجمال، دافِعِ رنج ومَلال، رسولِ بے مثال صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم ارشاد فرماتے ہیں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ بروزِ قیامت ارشاد فرمائے گا: ''وہ لوگ کہاں ہیں جو صرف میری

www.dawateislami.net

عزت وجلال کی وجہ سے باہم محبت رکھتے تھے آج قیامت کے دن جبکہ میرے عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہیں، میں انہیں اپنے عرش کے سائے میں جگہ دوں گا۔"

(موطاامام مالك،كتاب الشعرباب ماجاء فى المتحابين فى الله،الحديث ١٨٢٥،ج٢،ص٤٣٨)

(۲)......حضرت سیِّدُ نا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے سرکارِ والا تبار، شفیعِ روزِ شُمار، دوعالَم کے مالک ومختار باذنِ پروردگار عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کو فرماتے ہوئے سنا کہ "**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے آپس میں محبت کرنے والے نور کے منبروں پر عرش کے سائے میں ہوں گے اس دن کے جب عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔"

(المسند للامام احمد بن حنبل،حديث معا ذ بن جبل،الحديث٢٢١٢٥،ج٨،ص٢٤٦)

(۳)......حضرت سیِّدُ نا عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نُبوت، مَخزنِ جودوسخاوت، پیکرِ عظمت وشرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم ارشاد فرماتے ہیں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: "میرے عزت وجلال کی وجہ سے آپس میں محبت رکھنے والے اس دن میرے عرش کے سایہ میں ہوں گے جس دن میرے عرش کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔"

(المسند للامام احمد بن حنبل،مسند الشامين،الحديث١٧١٥٨،ج٦،ص٨٦)

(۴)......حضرت سیِّدُ نا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے **اللہ** کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ "**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی خاطر آپس میں محبت کرنے والے نور کے منبروں پر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس

www.dawateislami.net

کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔ تمام لوگ اس دن خوفزدہ ہوں گے لیکن ان پر کوئی خوف نہ ہوگا۔'' (المعجم الاوسط ، من اسمہ احمد الحدیث ۱۳۲۸، ج۱، ص۳۶۴)

باہم محبت کرنے والوں پر عرش کا سایہ:

یہاں پر وہ احادیث مبارکہ بیان کی جاتی ہیں جن میں عرش کا سایہ پانے والوں کا اشارتاً ذکر موجود ہے۔

(۱)......حضرت سیِّدُنا ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے ایسے بندے بھی ہیں جو نہ انبیاء علیہم السلام ہیں اور نہ شہداء لیکن انبیاءِ کرام علیہم السلام اور شہدائے عظام ان کے مقام و مرتبہ اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ان کے قرب پر رشک کریں گے۔'' ایک اعرابی نے عرض کی: ''یارسول اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! یہ کون لوگ ہوں گے؟'' حضور نبیِّ کریم، رء ُوف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ مختلف شہروں کے لوگ ہوں گے ان کے درمیان کوئی خونی رشتہ نہ ہوگا مگر وہ ایک دوسرے سے صرف رضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کی خاطر محبت کرتے اور تعلق رکھتے ہوں گے۔ بروزِ قیامت **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ان کے لئے اپنے (عرش کے) سامنے نور کے منبر رکھنے کا حکم فرمائے گا۔ اور ان کا حساب بھی اُنہی منبروں پر فرمائے گا۔ لوگ تو خوفزدہ ہوں گے لیکن وہ بے خوف ہوں گے۔''

(المعجم الکبیر، الحدیث ۳۴۳۳، ج۳، ص۲۹۰ بتغیر)

(۲)......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ

www.dawateislami.net

کے بعض مقرب بندے قیامت کے دن عرش کے دائیں جانب بیٹھے ہوں گے اور عرشِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کی دونوں جانبیں سیدھی ہی ہیں۔ وہ بندے نور کے منبروں پر ہوں گے اوران کے چہرے نورانی ہوں گے وہ نہ تو انبیاء علیہم السلام ہوں گے نہ شہداء اور نہ ہی صدیقین۔'' عرض کی گئی: ''یارسول اللہ عَزَّوَجَلَّ وصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! وہ کون لوگ ہوں گے؟'' نبی کریم، رء وف رحیم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''وہ لوگ جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے آپس میں محبت کرتے ہیں۔''

(المرجع السابق،الحدیث ۱۲۶۸۶،ج۱۲،ص۱۰۴)

(۳)......حضرت سیِّدُنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ **اللہ** کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب عَزَّوَجَلَّ وصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے بعض بندے ایسے ہیں کہ وہ انہیں قیامت کے دن نور کے منبروں پر بٹھائے گا، نور ان کے چہروں کو چھپالے گا حتّٰی کہ لوگ حساب سے فارغ ہو جائیں گے۔''

(المرجع السابق،الحدیث۷۵۲۷،ج۸، ص ۱۱۲)

(۴)......حضرت سیِّدُنا ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ افلاک صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی خاطر آپس میں محبت رکھنے والے قیامت کے دن عرش کے اردگرد یاقوت کی کرسیوں پر ہوں گے۔'' (المرجع السابق،الحدیث۳۹۷۳،ج۴،ص۱۵۰)

(۵)......حضرت سیِّدُنا ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم، رسولِ اکرم، شہنشاہِ بنی آدم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ معظم ہے: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے آپس میں محبت رکھنے والے دو بندوں کے لئے کرسیاں رکھی

www.dawateislami.net

جائیں گی جن پر ان کو بٹھایا جائے گا یہاں تک کہ (لوگوں کا) حساب وکتاب ہو جائے۔''

(الجامع الصغیر،الحدیث ۷۸۶۸،ص ۴۸۱)

(۶)......حضرت سیِّدُنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''کچھ بندے ایسے ہیں جو نہ تو انبیاء ہیں اور نہ شہداء لیکن بروز قیامت ان کے لئے نور کے منبر بچھائے جائیں گے اور وہ ''اَلْفَزَعُ الْاَکْبَر'' (یعنی بڑی گھبراہٹ) سے امن میں ہوں گے۔'' ایک شخص نے عرض کی: ''یارسول اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! وہ کون لوگ ہوں گے؟'' رحمتِ عالم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''قبائل کے وہ غریب الوطن لوگ جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کی خاطر باہم محبت کرتے ہیں۔''

(المعجم الکبیر، الحدیث:۳۵۸، ج۲۰، ص۱۶۸)

خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ کے سبب دعوتِ گناہ ترک کرنے والے کی حدیث جو حضرت سیِّدُنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ آگے آئے گی۔

صدقہ کرنے والوں پر عرش کا سایہ:

(۱)......حضرت سیِّدُنا عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ دلنشین ہے: ''بندہ اپنے صَدَقے کے سائے میں ہوگا یہاں تک کہ لوگوں کا فیصلہ ہو جائے۔'' (المسند للامام احمد بن حنبل،حدیث عقبۃ بن عامر الجھنی،الحدیث ۱۷۳۳۵،ج۶ص ۱۲۶ مفھوماً)

(۲)......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن و جمال، دافِعِ رنج و مَلال، صاحب

www.dawateislami.net

جُو دونوں، رسولِ بے مثال، بی بی آمنہ کے لال صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: ''میں نے گذشتہ رات ایک عجیب خواب دیکھا ہے۔'' (اس حدیث میں یہ بھی ہے) ''میں نے اپنی امت کے ایک شخص کو دیکھا وہ اپنے چہرے کو آگ کے شعلوں سے بچانے کی کوشش کررہا تھا پس اس کا صدقہ آیا اور اس کے سر پر سایہ اور چہرے کے لئے ستر (یعنی رکاوٹ) بن گیا۔''

(مجمع الزوائد ، کتاب التعبیر ،الحدیث ١١٧٤٦، ج٧، ص ٣٧١)

حضرت مصنف (علامہ جلال الدین سیوطی شافعی علیہ رحمۃ اللہ القوی) فرماتے ہیں کہ ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش کا سایہ پانے والوں کے متعلق مجھے حضرت ابو اسحاق نے حضرت ابو الہدی بن ابو شامہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے حوالے سے خبر دی ،حضرت ابو الہدی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ''میرے والد حضرت ابو شامہ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے یہ اشعار کہے:

وَقَالَ النَبِیُّ الْمُصْطَفٰی اِنَّ سَبْعَةً ۔۔۔ یُظِلُّهُمُ اللّٰهُ الْعَظِیْمُ بِظِلِّهٖ

مُحِبٌّ عَفِیْفٌ نَاشِیٌٔ مُتَصَدِّقٌ ۔۔۔ وَبَاكٍ مُصَلٍّ وَالْاِمَامُ بِعَدْلِهٖ

ترجمہ :(۱)......رسولِ مجتبیٰ، نبی مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک سات قسم کے افراد کو **اللہ** تبارک وتعالیٰ اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا۔

(۲)......۱ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرنے والا، ۲ پاکدامن شخص (یعنی جو خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ کے باعث دعوتِ گناہ چھوڑ دے)، ۳ وہ نوجوان جو عبادتِ الٰہی میں پروان چڑھا ہو، ۴ چھپا کر صدقہ کرنے والا، ۵ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتے ہوئے رونے ولا، ۶ نماز پڑھنے والا اور ۷ عادل حکمران۔''

www.dawateislami.net

سایۂ عرش پانے والے دیگر سات اشخاص

یہاں پر ماقبل میں بیان کردہ سایۂ عرش پانے والے اشخاص کے علاوہ دیگر سات افراد کے بارے میں شیخ الاسلام امام ابن حجر علیہ رحمۃ اللہ الاکبر کی بیان کردہ چار احادیث مبارکہ بیان کی جاتی ہیں۔

پہلی حدیث پاک

تنگدست مقروض کو مہلت دینے کی فضیلت:

حضرت سیِّدُنا اَبُو الْیُسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دوعالَم کے مالک ومختار، حبیبِ پروردگار عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ خوشگوار ہے: ''جس نے کسی تنگدست مقروض کو مہلت دی یا اس کا (کچھ حصہ) قرض معاف کر دیا، **اللہ** تبارک وتعالیٰ اس کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا اس دن جب عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(جامع الترمذی، کتاب البیوع، باب ماجاء فی انظار......الخ، الحدیث ۱۳۰۶، ص۱۷۸۳)

امام طبرانی علیہ رحمۃ اللہ الوالی نے ''المعجم الکبیر'' میں یہ حدیث پاک ان الفاظ کے ساتھ روایت فرمائی ہے کہ ''بے شک قیامت کے دن سب سے پہلے لوگوں میں عرش کا سایہ اس شخص کو نصیب ہوگا جس نے کسی قرضدار کو مہلت دی یا اس پر قرض کو صدقہ کر دیا۔''

(المعجم الکبیر،الحدیث ۳۷۷، ج۱۹، ص ۱۶۷)

حدیثِ پاک کی شرح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ سب سے پہلے اس شخص (یعنی جس نے قرض

www.dawateislami.net

دار کو مہلت دی یا قرض معاف کر دیا) کو عرش کا سایہ ملے گا۔اسی مضمون کی احادیث مبارکہ حضرت سیِّدُ نا ابوقتادہ، حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ، حضرت سیِّدُ نا عثمان، حضرت سیِّدُ نا شداد بن اوس، حضرت سیِّدُ نا کعب بن مالک، حضرت سیِّدَتُنا عائشہ، حضرت سیِّدُ نا ابودرداء اور حضرت سیِّدُ نا اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے بھی مروی ہیں۔ چنانچہ،

حدیثِ سیِّدُ نا ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت سیِّدُ نا ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نُبوت، مَخْزنِ جودوسخاوت، پیکرِ عظمت وشرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے کسی قرضدار کو مہلت دی یا اس کا قرض معاف کر دیا تو قیامت کے دن وہ عرش کے سائے میں ہوگا۔''

(مسند احمد حنبل، حدیث ابی قتادۃ الانصاری، الحدیث ۲۲۶۲۲،ج۸، ص ۳۶۷)

حدیثِ سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے **اللہ** کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے تنگدست کو مہلت دی یا اس کا قرض معاف کر دیا تو **اللہ** تعالیٰ اس دن اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(جامع الترمذی، کتاب البیوع، باب فی انظار المعسر......الخ، الحدیث ۱۳۰۶، ص ۱۷۸۳)

www.dawateislami.net

حدیثِ سیِّدُ نا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ''جس دن عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا اس دن **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس شخص کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ دے گا جس نے قرضدار کو مہلت دی یا قرض کی ادائیگی کے ذمّہ دار کو چھوڑ دیا۔''

(المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عثمان بن عفان، الحدیث ۵۳۲، ج ۱، ص ۱۵۸)

حدیثِ سیِّدُ نا شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہما:

حضرت سیِّدُ نا شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب و سینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ، فیض گنجینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے کسی تنگدست مقروض کو مہلت دی یا اس پر مالِ قرض کو صدقہ کر دیا، **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن اس کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا۔''

(مجمع الزوائد، کتاب البیوع، باب فی من فرج عن معسر......الخ، الحدیث ۶۶۷۱، ج ۴، ص ۲۴۱)

حدیثِ سیِّدُ نا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت سیِّدُ نا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''جس شخص کو یہ پسند ہو کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اُسے قیامت کی مشکلات سے نجات عطا فرما کر

www.dawateislami.net

اپنے عرش کے سائے میں جگہ دے تو اسے چاہیے کہ وہ تنگدست مقروض کو مہلت دے۔'' (المعجم الاوسط، الحدیث ٤٥٩٢، ج٣، ص ٢٨٠)

حدیثِ سیِّدَتُنا عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

اُم المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبیِّ کریم، رءُوف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''جس نے کسی تنگدست قرضدار کو مہلت دی اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن عرش کے سائے میں رکھے گا۔''

(مجمع الزوائد، کتاب البیوع، باب فی من فرج عن معسرا...الخ،الحدیث ٦٦٧٤، ج٤، ص ٢٤١)

حدیثِ کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت سیِّدُنا کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے،آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے حبیب، حبیبِ لبیب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''جس نے کسی تنگدست کو مہلت دی یا اس پر آسانی کی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(المعجم الکبیر،الحدیث ٢١٤، ج١٩، ص ١٠٦)

حدیثِ ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت سیِّدُنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ افلاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان عالی وقار ہے: ''جس نے کسی تنگدست کو مہلت دی یا اس کا قرض معاف کر دیا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن

www.dawateislami.net

اپنے عرش کے سائے میں رکھے گا۔'' (المعجم الکبیر ، الحدیث ۳۷۲، ج۱۹، ص ۱۶۵)

حدیثِ اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت سیِّدُنا اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، رسولِ اَکرم، شہنشاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان ذیشان ہے: ''جسے یہ پسند ہو کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے جس دن اس کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا تو اسے چاہئے کہ تنگدست کو مہلت دے یا اس کا قرض معاف کر دے۔''

(الترغیب والترھیب ، کتاب الصدقات ، الحدیث ۱۳۵۸، ج۱، ص ۴۳۱)

دوسری حدیثِ پاک

مجاہدین کی مدد کرنے پر انعام:

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ کے مجاہد یا تنگدست مقروض یا مکاتب غلام[1] کی آزادی میں اس کی مدد کی، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے اپنے

---

[1]: صدر الشریعہ، بدر الطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ اللہ القوی مکاتب غلام کے بارے میں فرماتے ہیں: ''آقا اپنے غلام سے مال کی ایک مقدار مقرر کر کے یہ کہہ دے کہ اتنا ادا کر دے تو آزاد ہے اور غلام اسے قبول بھی کر لے اب یہ مکاتب ہو گیا جب کُل ادا کر دے گا آزاد ہو جائے گا اور جب تک اس میں سے کچھ بھی باقی ہے غلام ہی ہے۔'' (بہارِ شریعت، ج۱، حصہ ۹، ص۹)

www.dawateislami.net

عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔"

(المسند للامام احمد بن حنبل،حدیث رجل یسمی طلحة ونعیم بن مسعود، الحدیث ۱۵۹۸۷،ج۵، ص۴۱۳)

تیسری حدیثِ پاک

غازی کے سر پر سایہ کرنے کی فضیلت:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ سیِّدُ المبلغین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: "جو کسی غازی کے سر پر سایہ کرے گا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن اسے اپنے عرش کے سائے میں رکھے گا۔"

(المسند للامام احمد بن حنبل، الحدیث ۱۲۶،ج۱، ص ۵۳)

چوتھی حدیثِ پاک

اپنی قوم کی حمایت میں تلوار اٹھانا:

حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن و جمال، دافِعِ رنج و مَلال، صاحبِ جُود و نوال صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: "سات افراد **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا (۱) وہ شخص جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرے اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے (۲) وہ شخص جس کا دل مساجد سے شدید محبت کے سبب انہی میں لگا رہے (۳) وہ شخص جو کسی بندے سے محض **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی خاطر محبت رکھتا

www.dawateislami.net

ہے(۴)وہ حکمران جو اپنی رعایا میں عدل و انصاف کرتا ہے(۵)وہ شخص جو اپنے دائیں ہاتھ سے اس طرح صدقہ کرے کہ بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو(۶)وہ شخص جس پر کوئی مال و جمال والی عورت خود کو گناہ کے لئے پیش کرے لیکن وہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے جلال کی وجہ سے باز رہے اور(۷)وہ شخص جو اپنی قوم کے ساتھ کسی جنگ میں شریک ہو، پس جب دشمن سے سامنا ہوا اور وہ کھل کر جنگ شروع کر دیں تو وہ شخص اپنی قوم کی حمایت میں تلوار اٹھالے حتی کہ وہ اور اس کی قوم فتح پا جائے یا وہ شہید ہو جائے۔''

(الجامع الصغیر، الحدیث ٤٦٤٦،ص ٢٨٥)

تنبیہ: شیخ الاسلام حضرت سیِّدُنا امام ابن حجر علیہ رحمۃ اللہ الاکبر فرماتے ہیں کہ ''یہ حدیث حسن اور غریب ہے بالخصوص ساتویں صفت کے اعتبار سے غرابت بہت زیادہ ہے۔ اور اس خصلت کے ساتھ مذکورہ احادیث میں موجود سات خصلتوں کا بیان مکمل ہوا۔

ساتویں خصلت کے متعلق احادیثِ مبارکہ

(۱)......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک و مختار، حبیبِ پروردگار عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''تین افراد کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ دوست رکھتا ہے، (ان میں سے ایک) وہ شخص جو کسی لشکر میں ہو پس جب دشمن سے مقابلہ ہو تو دشمن شکست کھا جائے اور وہ شخص بھی ڈٹ کر مقابلہ کرے یہاں تک کہ شہید ہو جائے یا فتح پائے۔''

(المستدرک، کتاب الزکاۃ، باب الثلاثۃ الذین......الخ، الحدیث ١٥٦٠، ج٢، ص٤٣)

(۲)......حضرت سیِّدُنا ابو درداء رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ایک مرفوع حدیث پاک مروی ہے کہ ''تین اشخاص **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے محبوب ہیں اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُن سے خوش ہوتا ہے(ان میں

www.dawateislami.net

سے ایک) وہ شخص کہ جب (دشمن کا) گروہ ظاہر ہو تو وہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کی خاطر اس سے جہاد کرے۔" (المستدرک، کتاب الایمان، باب اذا زنی العبد...الخ، الحدیث ٧٦، ج ١، ص ١٨٠)

(٣)......حضرت سیِّدُنا ربیعہ بن وقاص رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ "تین اشخاص کی دُعا رَدّ نہیں ہوتی (ان میں سے ایک) وہ شخص جو کسی لشکر میں ہو اور اس کا ساتھ دینے والے بھاگ جائیں پھر بھی وہ ثابت قدم رہے۔"

(معرفة الصحابه ، باب من اسمه ربيعة بن وقاص ، الحديث ٢٧٩٢، ج٢، ص ٢٩٨)

شیخ الاسلام نے اس بارے میں مزید اشعار کہے ہیں:

وَزِدْ سَبْعَةً: اِظْلَالُ غَـازٍ وَعَـوْنُـهٗ ... وَاِنْـظَارُ ذِیْ عُسْرٍ وَتَخْفِیْفُ حِمْلِهٖ

وَحَـامِیْ غُـزَاةٍ حِیْنَ وَلَّوْا وَعَوْنُ ... ذِیْ غَـرَامَةٍ حَـقٍّ مَعَ مُکَاتِبِ اَهْلِهٖ

ترجمہ: (١)......سایۂ عرش پانے والے مزید سات افراد یہ ہیں ١ غازی پر سایہ کرنے والا ٢ اس کا مددگار ٣ قرضدار کو مہلت دینے والا یا ٤ اس کا بوجھ کم کرنے والا۔

(٢)......٥ غازیوں کی حمایت کرنے والا جب لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں ٦ تاوان کی ادائیگی میں مستحق کا مددگار اور ٧ اپنے مکاتب غلام سے تعاون کرنے والا۔

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم: "اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَاذَنْبَ لَهٗ یعنی گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔" (سنن ابن ماجة، حديث ٤٢٥٠، ص ٢٧٣٥)

www.dawateislami.net

سایۂ عرش پانے والے چودہ اشخاص کا بیان

یہاں پر عرش کا سایہ پانے والے ان چودہ اشخاص کا ذکر کیا جاتا ہے جن کو شیخ الاسلام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بیان کیا ہے اور ان چودہ اشخاص والی احادیث میں کچھ ضعف ہے۔اور یہ دس احادیث کریمہ ہیں۔

پہلی حدیثِ پاک

بھوکے کو کھانا کھلانے کا صلہ:

حضرت سیِّدُنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نُبوت، مَخزنِ جودوسخاوت، پیکرِ عظمت وشرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت، مُحسنِ انسانیت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمان عالیشان ہے: ''تین خصلتیں جس شخص میں ہوں گی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُسے اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائے گا، (۱) دشواری کے وقت وضو کرنا (۲) اندھیرے میں مسجدوں کی طرف چلنا اور (۳) بھوکے کو کھانا کھلانا۔''

(الترغیب الترھیب ، کتاب الصدقات ، الحدیث ۱٤۱۷، ج۱، ص ٤٤٨)

مکارم الاخلاق میں حضرت سیِّدُنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی سند کے ساتھ مرفوعاً روایت ہے کہ ''جس نے بھوکے کو کھانا کھلایا یہاں تک کہ وہ سیر ہوگیا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا۔''

(مکارم الاخلاق ، باب فضل اطعام الطعام ،الحدیث ١٦٤، ص ٣٧٣)

دوسری حدیثِ پاک

حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ **اللہ** کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان

www.dawateislami.net

ہے: ''سچا تاجر قیامت کے دن عرش کے سائے میں ہوگا۔''

(الترغیب والترھیب، کتاب البیوع وغیرھا، الحدیث: ۲۷۶۹، ج۲، ص ۳۷۳)

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کی مرسل احادیث:

(۱)......حضرت سیِّدُنا قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک مرسل حدیث مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ''ہم یہ حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ سچ بولنے والا امانت دار تاجر (سایۂ عرش پانے والے) سات افراد کے ساتھ قیامت کے دن عرش کے سائے میں ہوگا۔''

(تفسیر طبری، سورۃ النسآء تحت الایۃ (۲۹) یأیھا الذین امنوا لاتاکلوا اموالکم بینکم ......الایۃ، الحدیث ۹۱۴۵، ج۴، ص ۳۴)

(۲)......حضرت سیِّدُنا قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''سچا امانتدار تاجر قیامت کے دن (سایۂ عرش پانے والے) سات افراد کے ساتھ عرش کے سائے میں ہوگا۔''

(شعب الایمان، باب فی مقاربۃ وموادۃ اھل الدین، الحدیث ۹۰۲۹، ج۶، ص ۴۹۴)

حدیثِ پاک کے شواھد

''الترغیب و الترھیب'' میں اس حدیث کے شواہد موجود ہیں۔ چنانچہ،

(۱)......حضرت سیِّدُنا ا سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ''سچا امانت دار

اگر دو حدیثیں ایک صحابی سے مروی ہوں تو پہلی کو ''مُتَابَع'' اور دوسری کو ''مُتَابِع'' کہتے ہیں۔ اگر یہ دونوں حدیثیں لفظاً و معنیً موافق ہوں تو دوسری ''مُتَابِع'' کو ''مِثْلُہٗ'' اور اگر صرف معنیً موافق ہو تو ''نَحْوُہٗ'' کہا جاتا ہے۔ (شَوَاھِد جمع ہے شَاھِد کی) اگر یہ دو حدیثیں دو صحابیوں سے مروی ہوں تو دوسری کو پہلی کا ''شَاھِد'' کہتے ہیں۔

(مقدمۃ المشکوٰۃ المصابیح للشیخ عبد الحق محدث دھلوی علیہ رحمۃ اللہ القوی، ص ۵)

www.dawateislami.net

تاجر قیامت کے دن انبیاء علیھم السلام، صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔''

(جامع الترمذی، ابواب البیوع، باب ماجاء فی التجار...الخ،الحدیث ۱۲۰۹، ص ۱۷۷۲)

(۲)......حضرت سیِّدُنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ''سچا امانت دار مسلمان تاجر قیامت کے دن شہداء کے ساتھ ہوگا۔'' (سنن ابن ماجہ،ابواب التجارات، باب الحث علی المکاسب، الحدیث ۲۱۳۹، ص ۲۶۰۵)

تیسری حدیثِ پاک

ناسمجھ کے ساتھ تعاون کی فضیلت:

حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے،آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حُسنِ اَخلاق کے پیکر،نبیوں کے تاجور،مَحبوبِ رَبِّ اَکبر عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:''اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن اس شخص کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس نے تنگدست کو مہلت دی یا کسی ناسمجھ کے ساتھ تعاون کیا۔''

(المعجم الاوسط ،من اسمہ محمود ، الحدیث ۷۹۲۰، ج۶، ص ۴۰)

چوتھی حدیثِ پاک

بیوہ ویتیم کی کفالت کا ثواب:

حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ،صاحبِ معطر پسینہ،باعثِ نُزولِ سکینہ،فیض گنجینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم

www.dawateislami.net

کا فرمانِ رحمت نشان ہے: ''جس نے کسی یتیم یا بیوہ[1] کی کفالت کی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے قیامت کے دن اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا۔''

(المعجم الاوسط ، الحدیث ۹۲۹۲، ج۶، ص۴۲۹،بدون''یوم القیامۃ'')

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب سینہ، باعثِ نُزُولِ سکینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''حضرت داوٗد علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ ربُّ العزت میں عرض کی: ''اے میرے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ! جو بندہ تیری رضا کے لئے کسی بیوہ یا یتیم کی پرورش کرے تو اس کے لئے کیا جزا ہے؟'' **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرماؤں گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(المسند الفردوس ، الحدیث ۴۵۵۹، ج۲،ص۱۴۷بدون''ارملۃ'')

---

[1] خیال رہے کہ غیرمحرم بیوہ کی کفالت اور اُسے پناہ دینے میں اس بات کی احتیاط ضروری ہے کہ بے پردگی نہ ہو کیونکہ آج کل لوگ منہ بولے باپ، بھائی اور بیٹے وغیرہ بن جاتے ہیں اور خوب بے پردگی ہوتی ہے اور یوں اپنا نامۂ اعمال گناہوں سے سیاہ کرتے رہتے ہیں، چنانچہ شیخ طریقت، امیرِاہلسنت حضرت علامہ مولینا محمد الیاس عطار قادری رَضَوی دامَ ظلہ منہ بولے رشتوں کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ ''اِن (یعنی منہ بولے باپ، بھائی اور بیٹے وغیرہ) سے بھی پردہ ہے کہ کسی کو باپ، بھائی یا منہ بولا بیٹا بنالینے سے وہ حقیقی باپ، بھائی اور بیٹا نہیں بن جاتا۔ان سے تو نکاح بھی دُرُست ہے۔ ہمارے مُعاشَرے میں منہ بولے رشتوں کا رَواج عام ہے کوئی مرد کسی کو ''ماں'' بنائے ہوئے ہے، کوئی لڑکی کسی کو ''بھائی'' بنا بیٹھی ہے تو کسی خاتون نے کسی کو ''بیٹا'' بنالیا ہے، کوئی کسی جوان لڑکی کا مُنہ بولا چچا ہے تو کوئی مُنہ بولا باپ اور پھر بے پردگیوں، بے تکلُّفیوں اور مَخلوط دعوتوں کے گناہ و پاپ کا وہ سیلاب ہے کہ الْاَمان وَ الْحَفِیظ۔

صِنفِ مُخالِف کے ساتھ منہ بولے رشتے قائم کرنے والوں اور والیوں کو **اللہ** عزوجل سے ڈرتے رہنا چاہئے۔ یقیناً شیطان پہلے سے بول کر وار نہیں کرتا۔ حدیثِ پاک میں آتا ہے: ''دنیا اور عورتوں سے بچو کیونکہ بنی اسرائیل میں سب سے پہلا فتنہ عورتوں کی وجہ سے اُٹھا۔'' (صحیح مسلم ص۱۴۶۵ حدیث۲۷۴۲)

www.dawateislami.net

صفوان کی مٹی کا صحیفہ:

امام عبدالرزاق علیہ رحمۃ اللہ الرزاق نے اپنی جامع میں روایت کی کہ اُمیہ بن صفوان کہتے ہیں کہ ''صفوان کی مٹی میں ایک بندھا ہوا صحیفہ پایا گیا جس میں یہ (لکھا ہوا) تھا کہ حضرت سیِّدُنا ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''اے میرے پروردگار عَزَّوَجَلَّ! جو شخص تیری رضا کے لئے کسی (محتاج) بیوہ کو درست کرے اس کی جزاء کیا ہے؟'' اللہ ربُّ العزت نے ارشاد فرمایا: ''بیوہ کا درست کرنا کیا ہے؟'' آپ علیہ السلام نے عرض کی: ''وہ شخص اُسے پناہ دے۔'' تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں اسے اپنے سایۂ رحمت میں جگہ دوں گا اور اسے اپنی جنت میں داخل کروں گا۔''

(المصنف للامام عبدالرزاق، الحدیث ۶۰۷۳، ج۳، ص ۴۹۶)

حدیثِ پاک کے پانچ شواھد

حضرت شیخ الاسلام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے بارے میں ایک عمدہ شاہد ہے جسے امام طبرانی نے ''الدعاء'' میں روایت کیا ہے۔ اور انہوں نے آنے والی دو شاہد احادیث کے علاوہ کوئی شاہد حدیث بیان نہیں کی لیکن مَیں (یعنی حضرت مصنف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کہتا ہوں کہ اس کے دیگر شواہد بھی موجود ہیں۔ چنانچہ،

(۱)......حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم، رءُوف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم ارشاد فرماتے ہیں کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ارشاد فرمایا: ''اگر تم چاہتے ہو کہ اُس دن میرے عرش کے سایہ میں رہو جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا تو پھر یتیم کے ساتھ رحم دل باپ اور بیوہ کے

www.dawateislami.net

ساتھ انتہائی مہربان شوہر کی طرح پیش آؤ۔''

(حلية الاولياء، الحديث ٤٥٢٤، ج٣، ص ٤٢٩)

(۲)......حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا داؤد علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ ربُّ العزّت میں عرض کی: ''اے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ! جو تیری رضا کے لئے کسی یتیم یا بیوہ کو پناہ دے تو اس کی جزاء کیا ہے؟'' **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں اُسے اپنے عرش کے سائے میں اس دن جگہ دوں گا جس دن اُس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(حلية الاولياء، الحديث ٤٧٠٨، ج ٤، ص ٤٨)

(۳)......حضرت سیِّدُنا کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ جو کسی یتیم کو پناہ دے حتی کہ وہ یتیم مستغنی ہوجائے یا کسی محتاج بیوہ کی کفالت کرے اس کی جزاء کیا ہے؟'' **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں اُسے اپنی جنت میں ٹھہراؤں گا اور اپنے (عرش کے) سائے میں اس دن جگہ دوں گا جس دن میرے (عرش کے) سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(حلية الاولياء، الحديث ٧٧١٧، ج٦، ص ٣٨)

(۴)......حضرت سیِّدُنا ابوعمران الجونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا داؤد علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''جو تیری رضا کے لئے کسی یتیم یا بیوہ کو سہارا دے اس کی جزاء کیا ہے؟'' **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''اس کی جزاء یہ ہے کہ میں اسے اپنے عرش کے سائے میں اس دن جگہ دوں گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(الزهد لابن المبارك، باب توبة داؤد و ذكر الانبياء عليهم السلام، الحديث ٤٧٧، ص ١٦٤)

www.dawateislami.net

(۵)......حضرت سیِّدُ ناجَعْد رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ فرماتے ہیں کہ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا داؤد علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کی: ''جو تیری رضا چاہتے ہوئے کسی یتیم یا بیوہ کو سہارا دے اس کی کیا جزاء ہے؟'' **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''اس کی جزاء یہ ہے کہ میں اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ دوں گا جس دن میرے عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(کتاب الزهد للامام احمد بن حنبل، زهدداؤ دعليه السلام، الحديث: ۳۶۳، ص ۱۰۵)

پانچویں حدیثِ پاک

خوش اخلاق، جوارِ رحمت میں ہوگا:

حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے حبیب، حبیبِ لبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ اے میرے خلیل! حُسنِ اخلاق سے پیش آؤ خواہ کفار ہی کیوں نہ ہوں[1]، نیکوں میں داخل ہو جاؤ گے اور بے شک میں نے

---

[1] کفار کے ساتھ حسنِ سلوک، کفر اور کفر پر مدد و اعانت کے علاوہ دیگر معاملات میں ہوسکتا ہے مثلاً مشرک پڑوسی کے ساتھ حق پڑوس کی ادائیگی اور کافر باپ کی غیر کفریہ معاملات میں اطاعت وغیرہ، وگرنہ کفار سے موالات (یعنی میل جول) ناجائز و حرام ہے، چنانچہ، سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن ارشاد فرماتے ہیں: ''قرآن عظیم نے بکثرت آیتوں میں تمام کفار سے موالات (یعنی میل جول، باہمی اتحاد، آپس کی دوستی) قطعاً حرام فرمائی، مجوس (آگ کے پجاری) ہوں خواہ یہود و نصارٰی (یہودی و عیسائی) ہوں، خواہ ہُنُود (ہندو) اور سب سے بدتر مُرتدانِ عُنُود (دینِ حق سے بغاوت کرنے والے مرتدین) (فتاوی رضویہ، ج ۱۵، ص ۲۷۳)، ہاں! دنیوی معاملات مثلاً خرید و فروخت وغیرہ (اپنی شرائط کے ساتھ) جس سے دین پر ضرر (نقصان) نہ ہو مرتدین کے علاوہ کسی سے ممنوع نہیں (فتاوی رضویہ، ج ۲۴، ص ۳۳۱ ملخصًا) مزید تفصیل کے لئے فتاوی رضویہ شریف کے مذکورہ مقامات کا مطالعہ فرمایئے۔

www.dawateislami.net

یہ بات لکھ دی ہے کہ جس نے اپنے اخلاق کو ستھرا کیا مَیں اُسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ دوں گا، اور اسے حظیرۃ القدس (یعنی جنت) سے سیراب کروں گا اور اپنے جوارِ رحمت کا قرب عطا فرماؤں گا۔'' (المعجم الاوسط ، الحدیث ٦٥٠٦، ج٥، ص ٣٧)

چھٹی حدیثِ پاک

سب سے پہلے سایۂ عرش پانے والے:

اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبیٔ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے استفسار فرمایا: ''کیا تم جانتے ہو قیامت کے دن سب سے پہلے کن لوگوں کو عرش کا سایہ نصیب ہوگا؟'' صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے عرض کی: '' اَللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ یعنی اللہ عزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم بہتر جانتے ہیں۔'' ارشاد فرمایا: '' وہ لوگ جن کے سامنے حق پیش کیا جاتا ہے تو اس کو قبول کرتے ہیں، جب ان سے سوال کیا جاتا ہے تو عطا کرتے ہیں اور لوگوں کے حق میں فیصلے اس طرح کرتے ہیں جیسا اپنے حق میں فیصلہ کرتے ہیں۔''

(المسند للامام احمد بن حنبل، مسند السیدۃ عائشۃ رضی اللہ عنہا ، الحدیث ٢٤٤٣٣، ج٩، ص ٣٣٦)

ساتویں حدیثِ پاک

نمازِ جنازہ پڑھا کرو:

حضرت سیِّدُنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبیٔ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم، رسولِ اَکرم، شہنشاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''نمازِ جنازہ پڑھا کرو یہ

www.dawateislami.net

تمہیں غمگین کرے گا اور غمزدہ (بروزِ قیامت) عرش کے سائے میں ہوگا۔"

(المستدرک، کتاب الرقاق، باب ذ رالقبو ر......الخ، الحدیث ۸۰۱۱، ج۵، ص ۴۷۰)

آٹھویں حدیثِ پاک

عادل بادشاہ کو دھوکہ دینے کا نقصان:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ میں نے نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: "عدل وانصاف اور عاجزی کرنے والا بادشاہ زمین پر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ (کی رحمت) کا سایہ اور اس کا نیزہ ہے پس جس نے بادشاہ کو اپنے اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے بندوں کے متعلق نصیحت کی (یعنی فائدہ مند بات بتائی) **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کا حشر اپنے سایۂ رحمت میں فرمائے گا جس دن اس کے سایۂ رحمت کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا اور جس نے بادشاہ کو اپنے اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے بندوں کے بارے میں دھوکا دیا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کو قیامت کے دن رسوا کرے گا۔"

(فضیلۃ العادلین لابی نعیم اصبہانی، الحدیث ۱۵، ص ۱۶)

نویں حدیثِ پاک

بچے کی موت پر صبر کا اجر:

(۱)......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا موسیٰ بن عمران علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں عرض کی: "اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! جو عورت اپنے بچے کے فوت ہونے پر صبر کرے اس کے لئے کیا جزاء ہے؟" **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: "میں اسے اپنے سایۂ رحمت میں اس دن جگہ دوں گا جس دن اس کے علاوہ کوئی

www.dawateislami.net

سایہ نہ ہوگا۔'' (الترغیب فی فضائل الاعمال و ثواب ذلك لا بن شاهین ، باب فضل من تبع الجنازة مختصرا،الحدیث٤٠٨،ج١،ص٤٦٢)

(۲)......ایک روایت یوں ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق اور حضرت سیِّدُنا عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ سیِّدُ المبلغین ، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! جو عورت اپنے بچے کے فوت ہونے پر صبر کرے اس کی جزاء کیا ہے؟' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں اسے اپنے عرش کے سائے میں رکھوں گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(عمل الیوم و اللیلة لابن السنیی ، باب تعزیة اولیاء المیت ، الحدیث ٥٨٧، ص ١٧٩)

(۳)......ایک روایت اس طرح ہے کہ حضرت سیِّدُنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! جو عورت اپنے بچے کے فوت ہونے پر صبر کرے اس کے لئے کیا جزاء ہے؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں اسے اپنے سایۂ رحمت میں اس دن جگہ دوں گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

دسویں حدیثِ پاک

مخلوق پر رحم کی فضیلت:

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن و جمال، دافِعِ رنج و مَلال، صاحبِ جُود و نوال، رسولِ بے مثال، بی بی آمنہ کے لال صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم و رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فرمان

www.dawateislami.net

ذیشان ہے: ''جسے یہ پسند ہو کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے جہنم کی گرمی سے بچائے اور اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے تو وہ مسلمانوں پر سختی نہ کرے اور ان کے ساتھ نرمی سے پیش آئے۔'' (کنز العمال، کتاب الاخلاق، الحدیث ۵۹۸۲، ج۳، ص ۶۹)

امام ابن حجر علیہ رحمۃ اللہ الاکبر کے چند اشعار:

حضرت شیخ الاسلام علیہ رحمۃ اللہ السّلام نے آگے بیان کرنے کی عام اجازت دیتے ہوئے چند اشعار کہے ہیں:

وَزِدْ مَعَ ضِعْفِ سَبْعَتَيْنِ اِعَانَةٌ ۔۔۔ لِاَخْرَقَ مَعْ اَخْذِلِحَقٍ وَبَذْلِهٖ

وَكُرْهُ وُضُوْءٍ ثُمَّ مَشْىٌ لِمَسْجِدٍ ۔۔۔ وَتَحْسِيْنُ خُلْقٍ ثُمَّ مَطْعَمُ فَضْلِهٖ

وَكَافِلُ ذِىْ يُتْمٍ وَاَرْمَلَةٍوَهْتُ ۔۔۔ وَتَاجُرُصِدْقٍ فِى الْمَقَالِ وَفِعْلِهٖ

وَحُزْنٌ وَتَصْبِيْرٌوَنُصْحٌ وَرَاْفَةٌ ۔۔۔ تَرَبَّعُ بِهَاالسَّبْعَاتُ فِىْ فَيْضِ فَضْلِهٖ

ترجمہ: (۱)......سایۂ عرش پانے والے مزید چودہ افراد یہ ہیں ۱ ناسمجھ کو حق دلا کر اس کی مدد کرنا اور ۲ سوالی کو عطا کرنا۔

(۲)......۳ دشواری میں وضو کرنا ۴ مسجد کی طرف چلنا ۵ خوش اخلاقی سے پیش آنا اور ۶ بھوکے کو کھانا کھلانا۔

(۳)......۷ یتیم اور ۸ بیوہ کی کفالت کرنے والا ۹ اپنی جوانی کو عبادتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں فنا کرنے والا اور ۱۰ قول وفعل میں سچا تاجر۔

(۴)......۱۱ غمزدہ ۱۲ بچے کے فوت ہونے پر صبر کرنے والی ۱۳ بادشاہ کو نصیحت کرنے والا اور ۱۴ لوگوں پر نرمی کرنے والا، پس (ماقبل سے مل کر) فضلِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ پانے والے یہ سات کے چار گنا (یعنی اٹھائیس) ہوگئے ہیں۔

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) میں کہتا ہوں ''حضرت شیخ الاسلام علیہ

www.dawateislami.net

رحمۃ اللہ السّلام نے اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیان کردہ حدیث پاک میں موجود ایک خصلت کی طرف توجہ نہیں فرمائی (یعنی اشعار میں ذکر نہ کیا) اور وہ یہ ہے کہ ''وہ جو لوگوں کے حق میں اس طرح فیصلہ کرتے ہیں جیسا اپنے حق میں فیصلہ کرتے ہیں۔'' عنقریب اس کا ذکر بھی میرے اشعار میں آئے گا۔''

مُصنِّف رحمۃ اللہ علیہ پرظاہر ہونے والے خصائل کا بیان

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) یہاں پر ان خصائل کو بیان کیا جائے گا جو مجھ پر ظاہر ہوئے ہیں۔ چنانچہ،

حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک ومختار، حبیبِ پروردگار عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''تین اشخاص بروز قیامت عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔(۱) صلہ رحمی کرنے والا کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کے رزق میں اضافہ فرماتا ہے اور اس کی عمر کو لمبا کرتا ہے (۲) وہ عورت جس کا شوہر فوت ہوگیا اور اس نے صرف یتیم بچے چھوڑے تو وہ عورت کہے کہ ''میں دوسرا نکاح نہیں کروں گی بس اپنے یتیم بچوں کی نگہبانی کروں گی یہاں تک کہ ان کا انتقال ہوجائے یا پھر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ان کو غنی کردے اور (۳) وہ بندہ جس نے کھانا تیار کیا پس اپنے مہمان کی ضیافت کی اور اس میں خوب اچھی طرح خرچ کیا پھر یتیم اور مسکین کو بلایا اور انھیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے کھلایا۔''

(فردوس الاخبار، باب التاء، الحدیث ۲۳۴۹، ج۱، ص ۳۲۲)

www.dawateislami.net

ایک روایت میں یوں ہے کہ ''اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنے اوران پر شفقت کرنے والا اور وہ شخص جس نے بہت اچھا کھانا تیار کیا اور فقراء ومساکین کو بلایا اور انھیں **اللہ** عزّوجلّ کی رضا کے لئے کھلایا۔''

اللہ عزّوجلّ ہر وقت ساتھ ہے:

حضرت سیِّدُنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نُبوت، مَخزنِ جودوسخاوت، پیکرِعظمت وشرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت، مُحسنِ انسانیت عزّوجلّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''تین شخص قیامت کے دن **اللہ** عزّوجلّ کے سایۂ رحمت میں ہوں گے (۱) وہ شخص جس نے کہیں بھی توجہ کی تو یہ یقین رکھا کہ **اللہ** عزّوجلّ اس کے ساتھ ہے (۲) وہ شخص جسے کوئی عورت اپنی طرف دعوتِ گناہ دے تو وہ **اللہ** عزّوجلّ کے خوف کے باعث اس سے باز رہے (۳) وہ شخص جو لوگوں سے **اللہ** عزّوجلّ کے لئے محبت کرتا ہے۔''

(فردوس الاخبار، باب الثاء، الحدیث ۲۳۵۰، ج۱، ص۳۲۲)

صاف دل اور پاک کمائی:

حضرت سیِّدُنا فضالہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا داوٗد علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہ ربُّ العزّت میں عرض کی: ''اے میرے رب عزّوجلّ! مجھے اپنی مخلوق میں سے اپنے محبوب بندوں کے بارے میں خبر دے تا کہ میں اُن سے تیری خاطر محبت کروں۔'' **اللہ** عزّوجلّ نے ارشاد فرمایا: ''(۱) وہ بادشاہ جو لوگوں پر رحم کرتا ہے اور لوگوں کے حق میں اس طرح فیصلہ کرے جیسا اپنے حق میں

www.dawateislami.net

فیصلہ کرتا ہے (۲) وہ شخص جسے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے مال دیا تو وہ اس کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے حصول اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت میں خرچ کرے (۳) وہ شخص جس نے اپنی جوانی اور طاقت کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی عبادت میں فنا کردیا (۴) وہ شخص جس کا دل مساجد کی محبت کی وجہ سے انہی میں لگا رہتا ہے (۵) وہ شخص جو کسی خوبصورت عورت سے ملا پس وہ عورت اُسے اپنے آپ پر قدرت دے تو وہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے خوف کے سبب اس کو چھوڑ دے (٦) وہ شخص جو جہاں بھی ہو یہ یقین رکھے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ میرے ساتھ ہے (۷) وہ لوگ جن کے دل صاف اور کمائی پاک ہے وہ میری رضا کے لئے آپس میں محبت کرتے ہیں، مَیں ان کا چرچا کرتا ہوں اور وہ میرا ذکر کرتے ہیں اور (۸) وہ شخص جس کی آنکھیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے خوف سے آنسو بہائیں۔''

(الزھد لابن المبارک ،باب توبة داؤد......الخ ، الحدیث ۴۷۱، ج۱،ص۱٦۱)

آسمانوں میں شہرت رکھنے والے:

حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ **اللہ** کے محبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''دنیا میں بھوکے رہنے والے لوگوں کی ارواح کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ قبض فرماتا ہے اور ان کا حال یہ ہوتا ہے کہ اگر غائب ہو جائیں تو انہیں تلاش نہیں کیا جاتا، اگر موجود ہوں تو پہچانے نہیں جاتے، دنیا میں پوشیدہ ہوتے ہیں مگر آسمانوں میں ان کی شہرت ہوتی ہے ، جب جاہل و بے علم شخص انہیں دیکھتا ہے تو ان کو بیمار گمان کرتا ہے جبکہ وہ بیمار نہیں ہوتے بلکہ انہیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا خوف دامن گیر ہوتا ہے، قیامت کے دن یہ لوگ عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔''

(مسند فردوس الاخبار،الحدیث:۱٦۵۹،ج۱،ص۲۳۵)

www.dawateislami.net

مذکورہ حدیث پاک کا ایک شاہد وہ ہے جو حضرت سیِّدُنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعًا روایت ہے کہ ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے سب سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو دنیا میں طویل عرصہ تک بھوک، پیاس اور خوف میں مبتلا رہے، وہ بے عیب اور دنیا والوں سے ایسے پوشیدہ کہ جب حاضر ہوں تو پہچانیں نہ جائیں اور غائب ہوں تو انہیں تلاش نہ کیا جائے۔''

(مسند الحارث، کتاب الصیام، باب فضل الصوم، الحدیث ۳۴۷، ج۱، ص۴۳۲)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) اس حدیث پاک میں سایۂ عرش پانے والوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب ترین بندے:

حضرت سیِّدُنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''بے شک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے محبوب ترین بندے وہ ہیں جو پرہیزگار اور لوگوں سے ایسے پوشیدہ ہیں کہ اگر غائب ہو جائیں تو انہیں تلاش نہ کیا جائے اور اگر حاضر ہوں تو پہچانے نہ جائیں اور وہ ہدایت کے امام (یعنی نمونے اور مثالیں) اور علم کی کنجیاں (یعنی دروازے) ہوتے ہیں۔''

(حلیۃ الاولیاء، مقدمۃ الکتاب، باب بسم اللہ...الخ، ج۱، ص۱۲)

اولاد کو سکھاؤ محبت حضور صلَّی اللہ علیہ وسلَّم کی:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی بن ابی طالب کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَهُ الْکَرِیْم سے مروی ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ،

www.dawateislami.net

فیض گنجینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''اپنی اولاد کو تین باتیں سکھاؤ (۱) اپنے نبی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کی محبت (۲) اہل بیت رضوان اللہ تعالٰی علیہم کی محبت اور (۳) تلاوتِ قرآن کیونکہ قرآن پاک پڑھنے والے لوگ، حضرات انبیاء واصفیاء علیہم السلام کے ساتھ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے سایۂ رحمت میں ہوں گے جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔'' (الجامع الصغیر، الحدیث ۳۱۱، ص ۲۵)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) میں نے اس حدیث پاک کا ایک عمدہ ''شاہد'' پایا۔ چنانچہ،

بچپن سے بڑھاپے تک تلاوتِ قرآن کریم:

حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب سینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عرش نشان ہے: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ سات اشخاص کو اس دن اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اُس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا (۱) عادل حکمران (۲) وہ شخص جس سے کوئی جمال ومنصب والی عورت ملاقات کرے اور خود کو برائی کے لئے اس پر پیش کرے تو وہ شخص یہ کہے کہ ''میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔'' (۳) وہ شخص جس نے چھوٹی عمر میں قرآن پاک سیکھا اور اپنے بڑھاپے تک اس کی تلاوت کرتا رہا (۴) وہ شخص جس نے اپنے سیدھے ہاتھ سے اس طرح صدقہ کیا کہ اس کو اپنے بائیں ہاتھ سے پوشیدہ رکھا (یعنی بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہوئی) (۵) وہ شخص جس کا دل مساجد سے محبت کے باعث انہی میں لگا رہے (۶) وہ شخص جو دوسرے شخص سے ملے اور کہے کہ

www.dawateislami.net

''میں تم سے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے محبت کرتا ہوں اور (۷) وہ شخص جس نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کیا تو اس کی آنکھوں سے خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ کے سبب آنسو بہہ نکلے۔''

(صحیح البخاری، کتاب الاذان، باب من جلس فی المسجد......الخ ، الحدیث ٦٦٠، ص٥٣، بدون " ورجل تعلم فی صغرہ فھو یتلوہ فی کبرہ" لانہ ذکرہ السیوطی بسندہ)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) اس حدیث پاک میں بیان کردہ تیسری صفت کی جگہ ''بخاری شریف'' میں یہ الفاظ ہیں: ''وہ نوجوان جس نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی عبادت میں نشوونما پائی۔''

اللہ عَزَّوَجَلَّ سے گفتگو کرتے ہوں گے:

حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم، رءُوف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''تین اشخاص عرش کے سائے میں امن کے ساتھ گفتگو کرتے ہوں گے جبکہ لوگوں کا حساب ہو رہا ہوگا (۱) وہ شخص جسے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت نہ روکے (۲) وہ شخص جو اپنے ہاتھ کو حرام کی طرف نہ بڑھائے اور (۳) وہ شخص جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی حرام کردہ چیزوں کی طرف نظر نہ کرے۔''

(کنزالعمال، کتاب المواعظ و الرقائق......، الحدیث ٤٣٢٤٦، ج١٥، ص ٣٤٥)

دوسری صفت کا شاھد

بارگاہِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے مقربین:

حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ **اللہ** کے

www.dawateislami.net

پیارے حبیب، حبیب لبیب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ”دنیا میں زہد وتقویٰ اختیار کرنے والے لوگ، کل (بروز قیامت) **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے قرب میں ہوں گے۔“ (الجامع الصغیر، الحدیث ۳۵۹۷، ص ۲۱۹)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ”اس حدیث پاک میں عرش کا سایہ پانے والے کی طرف اشارہ موجود ہے۔“

تیسری صفت کا شاھد

مشک وعنبر کے ٹیلوں پر ہوں گے:

حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ افلاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ”**اللہ** عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن ارشاد فرمائے گا: ”کہاں ہیں وہ لوگ جو اپنے کانوں اور آنکھوں کو شیطانی مزامیر سے دور رکھتے تھے؟ ان کو دوسروں سے الگ کردو۔“ پس انہیں مشک وعنبر کے ٹیلوں پر الگ کردیا جائے گا، پھر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ فرشتوں کو حکم فرمائے گا کہ ”ان کو میری تسبیح، تمجید اور تہلیل سناؤ۔“ تو وہ ایسی آواز میں تسبیح بیان کریں گے کہ سننے والوں نے اس جیسی آواز کبھی نہ سنی ہوگی۔“

(الزھد لابن المبارک، الجزء الرابع، باب استعماع اللھو، الحدیث ۴۳، ص ۱۲ مختصرًا)

زنا، رشوت اور سود سے بچنے پر خوشخبری:

حضرت سیِّدُنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، رسولِ اکرم، شہنشاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ”حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام نے عرض کی: ”اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! حظیرۃ القدس (یعنی جنت)

www.dawateislami.net

میں کون تیرے قرب میں رہے گا اوراس دن کون تیرے عرش کے سائے میں ہوگا جس دن تیرے (عرش کے) سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا؟'' **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشادفرمایا: ''یہ وہ لوگ ہیں جن کی آنکھیں کبھی زنا کی طرف نہیں اٹھتیں، وہ اپنے مال میں سود کے طلب گار نہیں ہوتے اور وہ اپنے فیصلوں پر رشوت نہیں لیتے، یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے خوشخبری اوراچھاٹھکانا ہے۔''

(شعب الایمان، باب فی قبض الید......الخ،الحدیث ۵۵۱۳، ج۴، ص۳۹۲)

حدیث شریف کا شاھد

حضرت سیِّدُ نا اَنَس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''بروزِ قیامت تین اشخاص **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے کلام کرنے کا شرف حاصل کریں گے (۱) وہ شخص جو کبھی دوافراد کے سامنے بھی ریاکاری سے نہیں چلا (۲) وہ شخص جس نے کبھی اپنے دل میں بھی زنا کے بارے میں نہیں سوچا اور (۳) وہ شخص جس کی کمائی میں کبھی سود داخل نہیں ہوا۔''

(حلیۃ الاولیاء، الحدیث ۴۰۲۶، ج۳، ص ۳۰۲)

نمازی اور سایۂ رحمت:

حضرت سیِّدُ نا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبیُّ پاک، صاحبِ لولاک، سیّاحِ افلاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ تین اشخاص کواپنے سایۂ رحمت میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ

www.dawateislami.net

نہ ہوگا (۱) امانت دار تاجر (۲) عادل حکمران اور (۳) دن میں سورج کی رعایت کرنے والا۔'' (یعنی وقت میں نماز پڑھنے والا)

(کنز العمال، کتاب المواعظ......الخ، الحدیث ۴۳۲۵۲، ج ۱۵، ص ۳۴۶)

تیسری خصلت پر ایک حدیث شریف

ماقبل حدیثِ مبارکہ میں تیسری خصلت کی تائید یہ حدیث شریف کرتی ہے جو حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ بندے وہ ہیں جو سورج اور چاند کی رعایت کرتے ہیں۔''

یہ الفاظ بھی مروی ہیں کہ ''اور ستاروں کی رعایت کرتے ہیں اور ذکرِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کرنے والوں کے لئے (عرش کا) سایہ ہے۔''

(الزھد لابن المبارک، الجزء العاشر، استعنت باللہ، الحدیث ۱۳۰۴، ص ۴۶۰)

حضرت سیِّدُ نا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ''بے شک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک محبوب ترین بندے، سورج اور چاند کی رعایت کرنے والے ہیں۔''

(کتاب الزھد للامام احمد بن حنبل، الحدیث ۷۷۰، ص ۱۶۶)

درود پاک کی کثرت:

حضرت سیِّدُ نا اَنَس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن و جمال، دافِعِ رنج و مَلال، صاحبِ جُود و نوال، رسولِ بے مثال صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ حقیقت بنیاد ہے: ''تین اشخاص **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے نیچے ہوں گے جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا (۱) وہ شخص جس نے میرے کسی پریشان

www.dawateislami.net

امتی کی پریشانی دور کی (۲) وہ شخص جس نے میری سنت کو زندہ کیا اور (۳) وہ شخص جس نے مجھ پر کثرت سے درود پاک پڑھے۔'' (بستان الواعظین، مجلس: ۱۷، ص ۲۶۰)

حدیث شریف کا شاھد

حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بارگاہِ رسالت مآب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم میں عرض کی: ''یارسولَ اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! جنت کی وادیوں میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے جوارِ رحمت (یعنی قرب) میں کون ہوگا؟'' سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک ومختار، حبیبِ پروردگار عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو میری سنت کو زندہ کرے اور میرے پریشان امتی کی تکلیف دور کرے گا۔''

عیادت وتعزیت کی فضیلت:

حضرت سیِّدُنا فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ''مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ حضرت سیِّدُنا موسیٰ علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ رب العزت میں عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! وہ کون ہے جو تیرے عرش کے سائے میں ہوگا جس دن اُس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا؟'' **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''اے موسیٰ علیہ السلام! وہ لوگ جو مریضوں کی عیادت کرتے ہیں، جنازہ کے ساتھ جاتے ہیں اور کسی کا بچہ فوت ہوجائے اس سے تعزیت کرتے ہیں۔''

(حلیۃ الاولیاء، الحدیث ۴۷۰۶، ج۴، ص ۴۸)

www.dawateislami.net

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''اس سے معلوم ہوا کہ ان تینوں میں سے ہر ایک خصلت مستقل طور پر سایۂ عرش کا مستحق بنانے والی ہے۔''

حضرت عبدالمجید بن عبدالعزیز اپنے والد رحمہما اللہ تعالیٰ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: ''(ہمارے زمانے میں) کہا جاتا تھا کہ تین اشخاص قیامت کے دن عرش کے سائے میں ہوں گے (۱) مریض کی عیادت کرنے والا (۲) جنازہ کے ساتھ جانے والا اور (۳) جس کا بچہ فوت ہو جائے اس سے تعزیت کرنے والا۔''

(الدرالمنثور، تفسیر سورۃ الانعام، ج ۳، ص ۲۴۵)

امام ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اسی سند کے ساتھ ''کتاب العزاء'' میں اس حدیث پاک کی تخریج فرمائی ہے۔ اور اس میں اس بات کی صراحت ہے کہ ان خصائل میں سے ہر خصلت سایۂ عرش کے لئے مستقل استحقاق کی حامل ہے۔ اور مریض کی عیادت کے بارے میں تو ایک مرفوع شاہد موجود ہے، چنانچہ،

امیر المؤمنین حضرت سیّدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نُبوت، مَخزنِ جود و سخاوت، پیکرِ عظمت و شرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت، مُحسنِ انسانیت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''قیامت کے دن پکارنے والا پکارے گا، ''کہاں ہیں وہ لوگ جو دنیا میں مریضوں کی عیادت کرتے تھے۔'' پس (جب وہ حاضر ہوں گے تو) انہیں نور کے منبروں پر بٹھایا جائے گا جہاں یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے شرفِ کلام حاصل کریں گے جبکہ لوگ حساب دے رہے ہوں گے۔'' (کنز العمال، کتاب الزکاۃ، الحدیث ۱۶۱۸۸، ج ۶، ص ۱۶۶)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''اس حدیث پاک میں سایۂ عرش پانے کی طرف اشارہ ملتا ہے۔''

www.dawateislami.net

روزہ داروں پر رحمت:

(۱)......حضرت سیِّدُنا مغیث بن سمی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ''بروزِ قیامت سورج لوگوں کے سروں سے چند گز کے فاصلے پر ہوگا اور جہنم کے دروازے کھول دیئے جائیں گے، تو اس کی لُو اور سخت گرمی ان کی طرف چلے گی اور جہنم کی تپش ان کی طرف بڑھے گی حتی کہ زمین پر ان کا پسینا بہنے لگے گا جو سڑی ہوئی لاش سے زیادہ بدبودار ہوگا مگر اس وقت روزہ دار عرش کے سائے میں ہوں گے۔''

(الدر المنثور، سورة البقرة، تحت الاية ۱۸٤، ج ۱، ص ٤٤۲)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''یہ ایسی بات ہے جو اپنی رائے سے نہیں کہی جاسکتی۔'' (یعنی یہ مرفوع حدیث پاک کے حکم میں ہے)

(۲)......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رحمتِ عالَم، نورِ مجسَّم، شہنشاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان عالیشان ہے: ''روزے داروں کے منہ سے مشک کی خوشبو آئے گی، بروزِ قیامت ان کے لئے عرش کے سائے میں دستر خوان لگایا جائے گا تو وہ اس سے کھائیں گے جبکہ دوسرے لوگ سختی میں ہوں گے۔''

(موسوعة لامام ابن ابی دنیا، کتاب الجوع، الحدیث ۱۳۹، ج ٤، ص ۱۰۲)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''اس حدیث پاک میں سائے کی طرف اشارے یا تصریح دونوں کا احتمال ہے۔''

(۳)......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ **اللہ** کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب عزَّوَجلَّ وصلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''بے شک **اللہ** عزَّوَجلَّ کے پاس ایک ایسا دستر خوان ہے جس پر ایسی نعمتیں ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ

www.dawateislami.net

نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا نہ کسی انسان کے دل میں خیال گزرا، اس دسترخوان پر صرف روزہ دار ہی بیٹھیں گے۔'' (المعجم الاوسط،الحدیث۹٤٤٣،ج٦،ص٤٧٢)

(۴)......حضرت سیِّدُنا اَنَس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبیٔ کریم، رءُوف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ حقیقت بنیاد ہے:''جب قیامت کا دن ہوگا تو روزے دار اپنی قبروں سے اس حال میں نکلیں گے کہ اپنے روزوں کی خوشبو سے پہچانے جائیں گے، ان کے منہ (کی بو) مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہوگی، ان کے لئے مشک کی مہر لگے ہوئے دسترخوان اور کوزے ہوں گے، ان سے کہا جائے گا: ''کھاؤ کہ تم نے دنیا میں بھوک برداشت کی اور پیو کہ تم پیاسے رہے، لوگوں کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو، اور تم آرام کرو کہ تم نے (میرے لئے) تھکاوٹ برداشت کی جبکہ لوگ آرام میں تھے، پس روزے دار کھائیں گے اور پئیں گے اور آرام میں ہوں گے جبکہ لوگ حساب، مشقت اور پیاس کی شدت میں ہوں گے۔''

(الدر المنثور، سورة البقره ، تحت الاية ، ١٨٤، ج١ ، ص ٤٤٢)

(۵)......حضرت سیِّدُنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ ''روزے داروں کے لئے عرش کے نیچے ہیرے جواہرات سے مرصع سونے کا دسترخوان بچھایا جائے گا، اس پر جنت کے انواع واقسام کے کھانے، مشروبات اور پھل ہوں گے، پس روزے دار کھائیں گے اور پئیں گے اور لذت حاصل کریں گے جبکہ لوگ حساب کی سختی میں ہوں گے۔''

(الفردوس بما ثور الخطاب، الحديث ٨٨٥٣، ج٥، ص٤٩٠)

www.dawateislami.net

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) اُم المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کی بیان کردہ خصلت کے علاوہ مذکورہ احادیث کریمہ سے بیس خصائل حاصل ہوئے تو یہ اکیس ہوگئے۔ اب ان اکیس میں گزشتہ اٹھائیس کو ملایا تو کل انچاس خصائل ہوگئے۔ مَیں نے ان کو ایک نظم کی صورت میں جمع کیا ہے:

وَزِدْمَعَ ضِعْفِ مَنْ يُضِيفُ وَعِزْبَةٌ ... لِاِيْتَامِهَاثُمَّ الْقَرِيْبُ بِوَصْلِهٖ

وَعَلِمَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَعَهٗ وَحُبَّهٗ ... لِاِجْلَالِهٖ وَالْجُوْعُ مَعَ اَهْلِ حَبْلِهٖ

وَزُهْدٌ وَ تَفْرِيْجٌ وَ غَضٌّ وَ قُوَّةٌ ... صَلَاةٌ عَلَى الْهَادِىْ وَاِحْيَاءُ فِعْلِهٖ

وَتَرْكُ رِبَا سُحْتٍ زِنَاوَرِعَايَةٌ ... لِشَمْسٍ وَحُكْمٌ لِلْاُنَاسِ كَمِثْلِهٖ

وَصَوْمٌ وَتَشْيِيْعٌ لِمَيْتٍ عِيَادَةٌ ... فَسَبِّعْ بِهَاالسَّبْعَاتُ يَازَيْنَ اَهْلِهٖ

ترجمہ: (۱)......سایۂ عرش پانے والے مزید افراد یہ ہیں: ۱وہ جو مہمان نوازی کرے، ۲اپنے یتیم بچوں کی پرورش کرنے والی پھر ۳صلہ رحمی کرنے والا اقربِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں ہوگا۔

(۲)......اور ۴وہ جو یقین رکھے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ میرے ساتھ ہے، ۵بندوں سے رضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرنے والا اور ۶باوجود قدرت کے بھوک برداشت کرنے والا۔

(۳)......۷دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے، ۸مسلمانوں سے تکلیف دور کرنے، ۹آنکھوں کی حفاظت کرنے، ۱۰جوانی کو عبادت میں گزارنے، ۱۱حضور نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم پر درود پاک کی کثرت کرنے اور ۱۲سنتوں کو زندہ کرنے والے۔

(۴)......۱۳حرام کاموں، ۱۴سود اور ۱۵زنا سے بچنے، ۱۶سورج کی رعایت (یعنی وقت میں نماز ادا) کرنے اور ۱۷اپنے ذاتی فیصلے کی طرح لوگوں کے فیصلے کرنے والے۔

(۵)......۱۸روزے رکھنے، ۱۹جنازے کے ساتھ جانے، ۲۰مریض کی عیادت کرنے والے لوگ، پس ۲۱اے اہلِ میت کو تسلی دینے والے! یہ سارے مل کر اکیس ہوگئے۔

www.dawateislami.net

حضرت مُصنّف رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''پھر میں نے اس کا مزید تتبع اور جستجو کی تو عرش کا سایہ دلانے والے دیگر خصائل بھی تلاش کر لئے۔ چنانچہ،

محبتِ مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سایۂ عرش:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا مولیٰ علی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم سے مروی ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ، فیض گنجینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ بشارت نشان ہے: ''بروزِ قیامت سب سے پہلے عرش کا سایہ پانے والوں کے لئے خوشخبری ہے۔'' عرض کی گئی: ''یارسول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! وہ کون لوگ ہیں؟'' آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ! جو لوگ تمہاری پیروی کرتے اور تم سے محبت کرتے ہیں۔''

(الفردوس بما ثور الخطاب، الحدیث ۳۵۷۶، ج ۲، ص ۳۴۸ بدون قیل......الخ)

سورۃ الانعام اور چالیس ہزار فرشتے:

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: ''جس نے صبح کی نماز میں ''سورۂ انعام'' کی ابتدائی تین آیات ''یَعْلَمُ مَا تَکْسِبُوْنَ'' تک تلاوت کیں، چالیس ہزار فرشتے اس کی طرف نازل ہوں گے، جن کے اعمال کی مثل اس کے نامۂ اعمال میں اجر لکھا جائے گا اور سات آسمانوں کے اوپر سے ایک فرشتہ نیچے آئے گا جس کے پاس لوہے کا گُرز ہو گا پس اگر شیطان اس کے دل میں کوئی وسوسہ ڈالنا چاہے گا تو وہ فرشتہ اس شیطان کو ایک ضرب لگائے گا جس سے اس شخص

www.dawateislami.net

اور شیطان کی درمیان ستّر حجاب (یعنی پردے) حائل ہوجائیں گے، پھر جب قیامت کا دن ہوگا تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس سے فرمائے گا: ''اے میرے بندے! میں تیرا رب ہوں، میرے عرش کے سائے میں چل، حوض کوثر سے سیراب ہو، نہرِ سَلْسَبِیل سے غسل کر اور جنت میں بغیر کسی حساب وعذاب کے داخل ہوجا۔''

(الدر المنثور، تفسیر سورة الانعام، ج ۳، ص ۲۴۵)

حدیث شریف کے دو شواھد

ستّر فرشتے دعائے مغفرت کرتے ہیں:

(۱)......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب سینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ مغفرت نشان ہے: ''جس نے نمازِ فجر جماعت سے پڑھی پھر اسی جگہ بیٹھا رہا اور سورۂ انعام کی پہلی تین آیات تلاوت کیں تو **اللہ** تبارک وتعالیٰ اس کے ساتھ ستّر فرشتے مقرر فرمادے گا جو قیامت تک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی تسبیح بیان کریں گے اور اس شخص کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہیں گے۔'' (الدر المنثور، سورة الانعام، ج۳، ص۲۴۶)

(۲)......حضرت سیِّدُنا ابومحمد حبیب بن عیسیٰ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ ''جس نے سورۂ انعام کی ابتدائی تین آیات کی تلاوت کی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کے لئے ستّر ہزار فرشتے بھیجے گا جو قیامت تک اس شخص کے لئے استغفار کرتے رہیں گے اور ان ملائکہ کے اجر کی مثل اسے اجر دیا جائے گا اور قیامت کے دن **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے جنت میں داخل فرمائے گا، اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا اور جنت کے پھل

www.dawateislami.net

کھلائے گا اور وہ شخص حوضِ کوثر سے پئے گا اور نہرِ سَلْسَبِیْل سے غسل کرے گا، اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے ارشاد فرمائے گا: ''میں تیرا رب عَزَّوَجَلَّ ہوں اور تو میرا بندہ ہے۔''

(الد رالمنثور،تفسير سورة الانعام، ج٣، ص ٢٤٥)

ذکرِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کی برکتیں:

حضرت سیِّدُنا وہب بن منبہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ'' حضرت سیِّدُنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے بارگاہِ رب العزت میں عرض کی: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ ! جو اپنی زبان اور دل سے تیرا ذکر کرے اس کے لئے کیا جزاء ہے؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''مَیں قیامت کے دن اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرماؤں گا اور اسے اپنی رحمت میں رکھوں گا۔''

(حلية الاولياء، الحديث ٤٧٠٥، ج٤، ص ٤٨)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اسی کی مثل ایک حدیث، حضرت کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔''

ایک مرفوع شاھد

عاجزی کرنے والوں کی خوش قسمتی:

حضرت سیِّدُنا سعید بن مسیّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضور نبیٔ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: یارسولَ اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! مجھے ان لوگوں کے بارے میں خبر دیجئے جو قیامت کے دن اللہ عَزَّوَجَلَّ کے قرب میں ہوں گے۔'' رحمتِ عالم، نورِ مجسّم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم

www.dawateislami.net

نے ارشاد فرمایا: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے، عاجزی کرنے اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا کثرت سے ذکر کرنے والے قربِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں ہوں گے۔'' اس نے پھر عرض کی: ''یارسولَ اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! کیا یہ لوگ جنت میں سب سے پہلے داخل ہوں گے؟ ارشاد فرمایا: ''نہیں۔'' اس نے عرض کی: ''تو پھر جنت میں سب سے پہلے کون داخل ہوں گے؟'' ارشاد فرمایا: ''فقراء (یعنی غریب لوگ) جنت کی طرف دوسرے لوگوں سے پہلے بڑھ جائیں گے، جنت کے فرشتے ان کی طرف نکل آئیں گے اور ان سے کہیں گے کہ ''حساب کی طرف لوٹ جاؤ (پھر جنت میں آنا)'' وہ کہیں گے: ''ہم کس چیز کا حساب دیں؟ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہمارے پاس مال نہ تھا کہ اسے جمع کر کے رکھتے یا اس میں سے خرچ کرتے اور نہ ہم حاکم تھے کہ انصاف کرتے یا ظلم کرتے بلکہ ہمارے پاس **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا حکم آیا تو ہم نے اس کی عبادت کی یہاں تک کہ ہمیں موت نے آلیا۔''

(حلیة الاولیاء، الحدیث ١١٦٨٤، ج٨، ص١٥٢)

نیکی کی دعوت دینے والے خوش نصیب:

حضرت سیِّدُنا کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے تورات شریف میں حضرت سیِّدُنا موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف وحی فرمائی: ''اے موسیٰ (علیہ السلام)! جس نے نیکی کا حکم دیا، برائی سے منع کیا اور لوگوں کو میری اطاعت کی طرف بلایا تو اسے دنیا اور قبر میں میرا قرب اور قیامت کے دن میرے عرش کا سایہ نصیب ہوگا۔'' (المرجع السابق، الحدیث ٧٧١٦، ج٦، ص٣٦)

www.dawateislami.net

مُقرَّبینِ بارگاہ کی نشانیاں:

حضرت سیِّدُنا عطاء بن یسار رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا موسیٰ علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''اے میرے پروردگار عَزَّوَجَلَّ! مجھے اپنے خاص بندوں کے بارے میں خبر دے جو تیرے مُقرَّبین ہیں اور جنہیں تو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا؟'' **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''وہ جن کے دل پاک اور ہاتھ (ظلم سے) بری ہیں، جو میری رضا کے لئے آپس میں محبت کرتے ہیں، جب بھی میرا ذکر کیا جاتا ہے تو وہ میرا ذکر کرتے ہیں اور جب وہ میرا ذکر کرتے ہیں تو میں ان کا چرچا کرتا ہوں، دشواری کے وقت کامل وضو کرتے ہیں، میرے ذکر کی طرف اس طرح آتے ہیں جس طرح پرندہ اپنے گھونسلے کی طرف آتا ہے، میری حرام کردہ اشیاء کو حلال ٹھہرانے پر اس طرح غضب کرتے ہیں جس طرح چیتا لڑائی کے وقت غضب کرتا ہے اور میری محبت کے ایسے دلدادہ ہوتے ہیں جس طرح بچہ لوگوں کی محبت کی وجہ سے محبت کرتا ہے۔'' (کتاب الزھد للامام احمد بن حنبل، الحدیث ۳۸۹، ص ۱۱۰)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''امام بیہقی علیہ رحمۃ اللہ القوی نے حضرت مالک بن دینار علیہ رحمۃ اللہ الغفّار سے اسی کی مثل ایک روایت بیان کی ہے۔

مسجدوں کو آباد رکھو:

حضرت سیِّدُنا معمر رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ فرماتے ہیں کہ قریش کے ایک آدمی نے بیان کیا کہ ''حضرت سیِّدُنا موسیٰ علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ

www.dawateislami.net

میں عرض کی ......، پھر انہوں نے ماقبل حدیث (جو ابھی اوپر گزری) ذکر کی اور اُس میں اتنا زائد تھا کہ ''وہ جو میری مسجدوں کو آباد کرتے اور صبح کے وقت اِستِغْفار کرتے ہیں۔''

(كتاب الزهدلا بن المبارك،الحديث ٢١٦، ص ٧١)

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''کامل وضو، رضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لئے باہمی محبت، ظلم سے ہاتھوں کو بچانے اور مساجد کو آباد کرنے کے بارے میں بہت ساری احادیث وارد ہوئی ہیں جیسا کہ ماقبل میں گزریں۔ اور یہ تمام روایات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ان میں سے ہر ایک خصلت مستقل طور پر سایۂ عرش کا مستحق بنانے والی ہے کہ سب کا تقاضا یہی ہے۔''

دل میں حق اور زبان پر سچ:

حضرت سیِّدُنا ابوادریس عائذ اللہ خولانی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے بارگاہِ رب العزت میں عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! وہ کون ہے جو تیرے سایۂ رحمت میں ہوگا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا؟'' اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''جن لوگوں کا میں چرچا کرتا ہوں اور وہ میرا ذکر کرتے ہیں اور جو میری رضا کے لئے آپس میں محبت کرتے ہیں پس یہی لوگ میرے عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اُس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔'' حضرت سیِّدُنا موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے عرض کی: ''اے میرے پروردگار عَزَّوَجَلَّ! حظیرۃ القدس (یعنی جنت) میں تیرے قرب میں کون ہو گا؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''وہ بندے جن کی آنکھیں زنا کے لئے نہیں اُٹھتیں

www.dawateislami.net

(یعنی بدنگاہی نہیں کرتے) اپنے مال میں سود نہیں ملاتے، اپنے فیصلوں پر رشوت نہیں لیتے، ان کے دلوں میں حق اور ان کی زبانوں پر سچ ہوتا ہے۔''

(حلیة الاولیاء ،الجز العاشر ،خزیمة العابد ، ج٤، ص ٣١١)

سایۂ عرش میں کس کو دیکھا؟

حضرت سیِّدُ نا عمرو بن میمون رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سیِّدُ نا موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف جلدی کی تو آپ نے ایک شخص کو عرش کے سائے میں دیکھا تو اس کے مقام ومرتبہ پر انہیں بہت رشک آیا اور فرمانے لگے ''یقیناً یہ شخص **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے ہاں بزرگی والا ہے۔'' پس آپ علیہ السلام نے **اللہ** تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کا نام جاننے کے لئے عرض کی تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''بلکہ میں تمہیں اس کا عمل بتاتا ہوں (جس کے سبب اسے یہ مقام ملا) میں نے اپنے بندوں کو اپنے فضل سے جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں یہ شخص ان پر حسد نہیں کرتا تھا، چغلی نہیں کھاتا تھا اور اپنے والدین کی نافرمانی نہیں کرتا تھا۔''

(حلیة الاولیاء ،الحدیث ١٢١٥١،ج٤،ص١٦٣)

اطاعتِ والدین، سایۂ عرش کے حصول کا ذریعہ ہے:

حضرت سیِّدُ نا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ **اللہ** تعالیٰ نے جس وقت حضرت سیِّدُ نا موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو اپنے کلام کا شرف بخشنے کے لئے ''کوہِ طور'' پر اپنا قرب عطا فرمایا تو آپ علیہ السلام نے ایک شخص کو عرش کے سائے میں بیٹھے ہوئے دیکھا تو اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''اے میرے

www.dawateislami.net

پروردگار عَزَّوَجَلَّ! یہ کون ہے؟'' اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''یہ وہ بندہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے بندوں کو اپنے فضل سے جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں یہ ان پر حسد نہیں کرتا تھا، اپنے والدین سے اچھا سلوک کرتا تھا اور چغلی نہیں کرتا تھا۔''

(کتاب الدعاء لابی عبدالرحمن محمد بن فضیل،الحدیث ۱۰۲، ج۱،ص ۲۸۰)

حضرت سیِّدُنا عُمر و رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ و السلام نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف جلدی کی تو ایک شخص کو عرش کے نیچے بیٹھے ہوئے دیکھا جس پر آپ علیہ السلام کو تعجب ہوا، آپ علیہ السلام نے عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! یہ کون ہے؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں یہ نہیں بتاتا کہ وہ کون ہے، بلکہ اس کی تین صفات کی خبر دیتا ہوں (۱) اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے فضل سے بندوں کو جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں یہ شخص ان پر حسد نہیں کرتا تھا (۲) اپنے والدین کی نافرمانی نہیں کرتا تھا اور (۳) چغلی نہیں کھاتا تھا۔''

(شعب الایمان ،باب فی الاصلاح بین الناس......الخ ، الحدیث ۱۱۱۱۸،ج۷، ص ۴۹۷)

عرش کا نور:

حضرت ابومخارق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے مرسل روایت ہے کہ ''اللہ کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب عَزَّوَجَلَّ وصلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: ''معراج کی رات عرش کے نور میں نہائے ہوئے ایک شخص کے پاس سے میرا گزر ہوا، میں نے کہا: ''یہ کون ہے؟ کیا کوئی فرشتہ ہے؟'' عرض کی گئی: ''نہیں۔'' میں نے دوبارہ کہا: ''کیا یہ نبی ہیں؟'' عرض کی گئی: ''نہیں۔'' تو میں نے کہا: ''تو پھر یہ شخص کون ہے؟''

www.dawateislami.net

عرض کی گئی: ''یہ وہ شخص ہے دنیا میں جس کی زبان ذکرِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ سے تر رہتی تھی، اس کا دل مسجدوں میں لگا رہتا تھا اور اس نے کبھی بھی اپنے والدین کو برا نہیں کہا۔''

(الترغیب والترھیب، کتاب الذکر والدعاء، باب الترغیب فی الاکثار من ذکر ......الخ، الحدیث ۲۳۰۰، ج۲، ص ۲۴۲)

مُصنّف رحمۃ اللہ علیہ کے چند اشعار

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) مذکورہ روایات سے چودہ خصائل حاصل ہوئے جن کو میں نے اشعار کی صورت میں یوں نظم کیا ہے:

وَزِدْ سَبعَتَینِ الحُبُّ لِلّٰہِ بَالِغاً ... وَتَطھِیرُ قَلبٍ وَالغُضُوبُ لِاَجلِہٖ
وَحُبُّ عَلِيٍّ ثُمَّ ذِکرُ اِنَابَۃٍ ... وَاَمرٌ وَنَھیٌ وَالدُّعَاءُ لِسُبلِہٖ
وَمَنْ اَوَّلَ الاَنعَامِ یَقرَأُ غَدَاتَہٗ ... وَمُستَغفِرُ الاَسحَارِ یَا طِیبَ فِعلِہٖ
وَبِرٌّ وَتَرکُ النَّمِّ وَالحَسَدُ الَّذِیْ ... یُشِیْنُ الفَتٰی فَاشکُرْ لِجَامِعِ شَمَلِہٖ

ترجمہ: (۱)......سایۂ عرش والے مزید چودہ خصائل واشخاص یہ ہیں:ا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرنا،۲ دل کو پاک رکھنا اور ۳ (فعلِ حرام دیکھ کر) **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے غصہ کرنا۔

(۲)......۴ حضرت سیِّدُنا علی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم سے محبت کرنا،۵ پھر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرنا،۶ ذکرِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کی طرف جلدی کرنا،۷ نیکی کی دعوت دینا،۸ برائی سے منع کرنا اور ۹ اطاعتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کی طرف بلانا۔

(۳)......۱۰ (نمازِ فجر میں یا اس کے بعد) ''سورۂ انعام'' کی پہلی تین آیات پڑھنے والا اور ۱۱ صبح میں استغفار کرنے والا، اے اپنے کام کو اچھا کرنے والے!

(۴)......۱۲ والدین سے بھلائی کرنا،۱۳ چغلی نہ کھانا، اور ۱۴ نوجوان کو عیب لگانے والے حسد کو چھوڑنا۔ پس تو (مذکورہ خصائل پر شامل اس) مضمون کو جمع کرنے والے کا شکریہ ادا کر۔

www.dawateislami.net

مُصَنِّف رحمۃ اللہ علیہ کی مزید تلاش وجستجو:

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''پھر مَیں نے تلاش وجستجو کی تو عرش کا سایہ دلانے والے مزید سات خصائل مل گئے اور یوں یہ پورے 70 ہو گئے۔

حضرت سیِّدُنا عتبہ بن عبد السُّلَمِیُّ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضورنبیٔ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں قتل ہونے والوں کی تین قسمیں ہیں، ایک وہ مؤمن جو اپنی جان اور اپنے مال کے ساتھ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں جہاد کرے اور دشمن سے خوب لڑے یہاں تک کہ قتل کر دیا جائے تو یہ شہیدِ مُفْتَخِر (یعنی قابلِ فخر) ہے اور وہ عرش کے نیچے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے خیمہ (یعنی قرب) میں ہوگا اور انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام اس سے درجۂ نبوت (اور نبوت سے متعلق کمالات) میں افضل ہوں گے۔'' (المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۱۱، ج۱۷، ص۱۲۶)

(المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث عبدالرحمن بن قتادہ، الحدیث ۱۷۶۷۳، ج۶، ص۲۰۵)

حدیث پاک کے شواھد

شہداء کی اقسام اور ان کے فضائل:

(۱)...... حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، رسولِ اَکرم، شہنشاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''شہداء کی تین اقسام ہیں (۱) وہ شخص جو اپنے جان و مال کے ساتھ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں خلوص دل سے نکلے، وہ نہ تو لڑائی کا ارادہ رکھتا ہو اور نہ ہی خود قتل ہونا چاہے بلکہ صرف مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ کرنا چاہتا ہے پس اگر وہ شخص (طبعی موت) مر جائے یا قتل

www.dawateislami.net

ہوجائے تو اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے، اسے عذاب قبر سے محفوظ رکھا جائے گا، وہ بڑی گھبراہٹ سے امن میں ہوگا، حورِ عین (یعنی بڑی آنکھوں والی) سے نکاح کرے گا اور اس کے سر پر وقار اور جنت کا تاج سجایا جائے گا (۲) وہ شخص جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا طلب کرتے ہوئے اپنے جان و مال کے ساتھ نکلے اور یہ ارادہ رکھتا ہو کہ کفار کو قتل کرے مگر خود شہید نہ ہو پس اگر یہ شخص فوت ہوجائے یا قتل کردیا جائے تو وہ بارگاہِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں حضرت سیّدُنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کے قریب ہوگا اور سچ کی مجلس میں قوت والے بادشاہ کے حضور حاضر ہوگا (۳) وہ شخص جو خالص **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے اپنے جان و مال کے ساتھ اس ارادے سے نکلے کہ (کفار کو) قتل کرے اور شہید ہوجائے پس اگر یہ شخص فوت یا شہید ہوجائے تو قیامت کے دن اپنی تلوار بلند کر کے کندھے پر رکھے ہوئے آئے گا جبکہ دیگر لوگ گھٹنوں کے بل بیٹھے یہ کہتے ہوں گے: ''کیا ہمیں جگہ نہیں دی جائے گی۔'' پھر وہ (مذکورہ تینوں اشخاص) عرش کے نیچے موجود نور کے منبروں پر آکر بیٹھیں گے اور دیکھیں گے کہ لوگوں کے درمیان کس طرح فیصلہ کیا جاتا ہے۔'' (مجمع الزوائد کتاب الجھاد، باب ماجاء فی الشھادۃ و فضلھا، الحدیث ۹۵۱۲، ج۵، ص ۵۳۱)

(۲)...... حضرت سیّدُنا ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''شہداء قیامت کے دن سایۂ عرش کے نیچے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں گنبدوں اور باغات میں ہوں گے۔'' (سیر اعلام النبلاء، یزید بن التستری، ج۷، ص ۲۲۲)

(۳)...... حضرت سیّدُنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ

www.dawateislami.net

ذیشان ہے: ''قیامت کے دن عرشِ رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے سب سے زیادہ قریب وہ مؤمن ہوگا جسے ظلماً قتل کیا گیا ہوگا، اس کا سر اس کے دائیں جانب اور اس کا قاتل بائیں طرف ہوگا جبکہ اس کی رگوں سے خون بہہ رہا ہوگا اور وہ عرض کرے گا: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! اس سے پوچھ کہ اس نے مجھے کس جرم میں قتل کیا تھا۔''

(المعجم الکبیر، الحدیث ۱۲۵۹۷، ج۱۲، ص۸۰)

تعلیمِ قرآن پاک پر مغفرت کی بشارت:

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جو مرفوعاً روایت ہے جس میں یہ دعا ہے ''اے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ! (قرآن کریم) سکھانے والوں کی مغفرت فرما، اُن کی عمریں طویل کردے اور ان کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرما کہ بے شک یہ تیری اتاری ہوئی کتاب (یعنی قرآنِ حکیم) کی تعلیم دیتے ہیں۔''

(الموضوعات، حدیث فی الدعا للمعلمین، ج۱، ص ۲۲۱)

حدیث پاک کے شواھد

سونے کے منبر اور چاندی کے گنبد:

حضرت سیِّدُنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعاً روایت ہے کہ ''جب قیامت کا دن ہوگا تو سونے کے منبر رکھے جائیں گے جن پر چاندی کے گنبد ہوں گے، ان میں ہیرے، یاقوت اور زمرد جڑے ہوں گے اور اس کی چادریں باریک اور سبز ریشم کی ہوں گی پس علماء کرام (کَثَّرَھُمُ اللہُ تَعَالٰی) کو بلا کر اُن پر بٹھایا جائے گا پھر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے ایک منادی ندا دے گا: ''کہاں ہیں وہ جو رضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لئے اُمتِ محمدیہ عَلٰی

www.dawateislami.net

صَاحِبِهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام تک علم کی باتیں پہنچاتے تھے، اِن منبروں پر بیٹھو! تم پر کوئی خوف نہیں حتّٰی کہ جنت میں داخل ہو جاؤ۔'' (حلية الاولياء، الحديث ۱۰۵۹٤، ج۷، ص ۳۰۰)

امام دارقطنی علیہ رحمۃ اللہ القوی کی روایت میں ''نور کے منبر'' کا ذکر ہے۔

مسلمانوں کے بچے شفاعت کریں گے:

حضرت سیِّدُ نا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سیِّدُ المبلغین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ رحمت نشان ہے: ''مسلمانوں کے بچے قیامت کے دن عرش کے سائے میں ہوں گے، وہ شفاعت کریں گے اور اُن کی شفاعت قبول کی جائے گی۔'' (کنزالعمال، کتاب القیامۃ، الحدیث ۳۹۳۰۱، ج١٤، ص ۲۰۰)

شہزادۂ رحمتِ عالم صلَّی اللہ علیہ وسلَّم ورضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت سیِّدُ نا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انصار کے ایک شخص تھے جن کا ایک بیٹا تھا جو ان کے ساتھ ہی رہتا تھا، ایک دن حضور نبی کریم، رءُوف رَّحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ان سے اِسْتِفْسار فرمایا: ''کیا تم اس سے محبت کرتے ہو؟'' عرض کی: ''یارسول اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم! جی ہاں اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ سے ایسی ہی محبت فرمائے جیسی میں اس سے محبت کرتا ہوں۔'' تو **اللہ** کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تمہاری اپنے بیٹے سے جو محبت ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس سے بڑھ کر مجھ سے محبت فرماتا ہے۔'' چند دن ہی گزرے تھے کہ اس کے بیٹے کا انتقال ہو گیا، رحمتِ عالم، نورِ مجسّم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے اس سے ارشاد فرمایا: ''کیا تم اس بات سے راضی نہیں کہ تمہارا بیٹا میرے بیٹے

www.dawateislami.net

(حضرت) ابراہیم (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے ساتھ عرش کے سائے میں کھیلتا ہو۔" اس نے عرض کی: "کیوں نہیں۔"

(مجمع الزوائد، کتاب الجنائز، باب فیمن مات له واحد،الحدیث ۳۹۹۶، ج۳، ص ۹٤)

مسلمان بچے، سایۂ عرش میں ہوں گے:

حضرت سیّدُنا اَنَس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ "قیامت کے دن مسلمانوں کے بچوں کو لایا جائے گا جن کے سینے اُبھرے ہوئے ہوں گے، میدانِ محشر میں ٹھہرنا ان پر سخت گزرے گا تو وہ چِلّائیں گے، پس حکم ہوگا: "اے جبرائیل علیہ السلام! ان کو میرے عرش کے سائے میں لے جاؤ۔" تو وہ انہیں عرش کے سائے میں لے جائیں گے۔"

(الفردوس بما ثور الخطاب،الحدیث۸۷۵۹،ج۵،ص٤٦٢)

نمازِ مغرب کے بعد دو نفل پڑھنے کی فضیلت:

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی بن ابی طالب کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک و مختار، حبیبِ پروردگار عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ خوشبودار ہے: "جس شخص نے مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت ادا کی اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھی تو وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ کوئی رکاوٹ نہ ہوگی یہاں تک کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عرش تک پہنچ جائے گا۔"

(مسند الحارث، ۳۳۲/۱، حدیث: ۲۲۰)

www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نُبوت، مَخْزنِ جودوسخاوت، پیکرِ عظمت و شرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت، محسنِ انسانیت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''شُہداء **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے قرب میں یاقوت کے منبروں پر عرش کے سائے میں ہوں گے کہ جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔'' (الجامع الصغير ، الحديث ٤٩٥٧، ص ٣٠٥)

موتیوں کی کرسیاں:

حضرت خیثمہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا گیا کہ حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ''قیامت کے دن انسان اپنے پسینے میں تیر رہا ہوگا یہاں تک کہ وہ پسینہ اس کی ناک تک پہنچ جائے گا۔'' تو حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''مؤمنین کے لئے موتیوں کی کرسیاں ہوگی جن پر وہ بیٹھیں گے، اُن پر بادلوں سے سایہ کیا جائے گا اور قیامت کا دن ان کے لئے دن کی ایک ساعت کے برابر یا ایک بار آنکھ جھپکنے کے برابر ہوگا۔'' (حلية الاولياء،الحديث ١١٦١٢،ج٨،ص ١٣١)

حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''قیامت کے دن کی سختیاں بہت زیادہ ہوں گی یہاں تک کہ کفار کو ان کا پسینہ لگام دے رہا ہوگا۔'' ان سے عرض کی گئی: ''تو مؤمنین کہاں ہوں گے؟'' ارشاد فرمایا: ''سونے کی کرسیوں پر ہوں گے اور اُن پر بادل سے سایہ کیا جائے گا۔'' (فتح البارى شرح البخارى ، كتاب الرقاق،ج ١١،ص٣٣٧)

www.dawateislami.net

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) پھر میں نے دیکھا کہ امام طبرانی علیہ رحمۃ اللہ الوالی نے اپنی کتاب ''الکبیر'' میں اس حدیثِ پاک کے مرفوع ہونے کی صراحت فرمائی ہے۔ چنانچہ،

حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن عَمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ **اللہ** کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''بروزِ قیامت لوگ جمع ہوں گے، تو کہا جائے گا: ''اس اُمت کے فقراء اور مساکین کہاں ہیں؟'' تو وہ کھڑے ہو جائیں گے'' پوچھا جائے گا: ''تم نے کیا عمل کئے؟'' وہ عرض کریں گے: ''اے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ! تو نے ہمیں آزمائش میں مبتلا کیا تو ہم نے صبر کیا اور حکمرانی وسلطنت کا والی ہمارے علاوہ دوسروں کو بنا دیا۔'' **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ''تم نے سچ کہا۔'' یا اسی کی مثل ارشاد فرمائے گا (یہ راوی کا شک ہے) پھر وہ دوسرے لوگوں سے بہت پہلے جنت میں داخل ہو جائیں گے اور حساب کی سختیاں حکمرانوں اور صاحبِ سلطنت لوگوں پر باقی رہ جائیں گی۔'' صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کی: ''اس دن مؤمنین کہاں ہوں گے؟'' حضور نبیِّ کریم، رء وف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ان کے لئے نور کے منبر رکھے جائیں گے اور اُن پر بادلوں سے سایہ کیا جائے گا۔''

(صحیح ابن حبان ،باب وصف الجنه واهلها ، الحديث ٧٣٧٦، ج٩، ص ٢٥٣)

حضرت سیِّدُ نا سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''سورج قیامت کے دن لوگوں سے بہت زیادہ قریب ہو گا حتّٰی کہ ان کے سروں سے ایک یا دو کمان کے فاصلے پر آ جائے گا، اس دن کسی کے بدن پر پھٹے پرانے

www.dawateislami.net

کپڑے کا ایک ٹکڑا تک نہ ہوگا۔مگراس دن کسی مؤمن مرداورعورت کاستر دکھائی نہ دے گا اور نہ ہی اُس دن کسی مؤمن مرداورعورت کوسورج کی گرمی نقصان پہنچائے گی جبکہ باقی لوگوں۔یاارشادفرمایا- کافروں کو پیسا جائے گا تو اُن کے پیٹ ابلنے اور جوش مارنے کی آوازیں نکالیں گے۔''

(الزهد لابن المبارك ، اول السادس عشر ، الحديث ٣٤٧، ص ١٠٠)

فرامینِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی شرح:

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں)ان آثار یعنی فرامینِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ظاہر تو یہی ہوتا ہے کہ قیامت کے دن تمام مسلمان سائے میں ہوں گے،لیکن ہونا یہ چاہئے کہ یہ فضیلت متقی و پرہیز گار مسلمانوں کے ساتھ خاص ہواور مجھے اس کے متقین کے ساتھ خاص ہونے پر ایک حدیث بھی ملی ہے۔چنانچہ،

حضرت سیِّدُنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور،مَحبوبِ رَبِّ اَکبر عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان عالیشان ہے: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے جنّات کوتین اقسام پر پیدا فرمایا ہے(۱)ایک قسم سانپ،بچھواور زمین کے کیڑے مکوڑے ہے(۲)دوسری قسم فضامیں ہوا کی مانند اڑنے والی ہے اور (۳)تیسری قسم وہ کہ جن پر حساب وعقاب ہوگا۔اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے انسانوں کو بھی تین اقسام پر پیدا فرمایا ہے(۱)ایک وہ کہ جانوروں کی طرح ہیں جن کے بارے میں یہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:'' لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا..الآية. ترجمۂ کنز الایمان: وہ دل رکھتے ہیں جن میں سمجھ نہیں۔(پ۹،الاعراف:۱۷۹)(۲)دوسرے وہ جن کے جسم تو

www.dawateislami.net

بَنی آدم کے اجسام کی طرح ہیں مگران کی روحیں شیاطین کی ارواح کی مثل ہیں اور (۳) تیسرے وہ ہیں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سایۂ رحمت میں ہوں گے جس دن اُس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔'' (کنزالعمال، کتاب خلق العالم، الحدیث ۱۵۱۷۵، ج۶،ص ۵۶)

(علامہ سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مزید فرماتے ہیں) مذکورہ حدیث پاک سے زیادہ واضح وہ روایت ہے جو حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ''سورج (بروزِ قیامت) لوگوں کے سروں کے اوپر ہوگا اور اُن کے اعمال ان پر سایہ کریں گے یا ان کے ساتھ ہوں گے۔''

(جامع العلوم والحکم ،تحت الحدیث السادس والثلاثون ، ص۴۲۴)

سوال: اس حدیث پاک سے ظاہر ہوتا ہے کہ سایہ، عرش کا نہیں ہوگا بلکہ بندے کے اعمال کا ہوگا........؟

جواب: قیامت کے دن عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا اور اعمال کی طرف سائے کی جو نسبت کی گئی ہے وہ سبب ہونے کے اعتبار سے ہے۔ (یعنی ان اعمال کے سبب انہیں عرش کا سایہ نصیب ہوگا۔) رحمۃ اللہ علیہ

امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کی شرح:

امام قرطبی علیہ رحمۃ اللہ القوی اپنی کتاب ''التذکرۃ'' میں حضرت سیِّدُنا سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرمان (کوئی مؤمن مرد یا عورت سورج کی گرمی نہ پائے گا) کے تحت فرماتے ہیں کہ ''یہ روایت ظاہری طور پر سارے مؤمنین کے لئے عام ہے، لیکن اس سے مراد کامل الایمان مؤمن ہیں یا وہ جو سایۂ عرش کے لئے کوشش کرے جیسا کہ

www.dawateislami.net

حدیث پاک میں ہے: ''سات اشخاص عرش کے سائے میں ہوں گے۔'' اور جیسا کہ ایک روایت میں ہے: ''بندہ اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا۔'' اور یوں ہی نیک اعمال بجالانے والے اپنے اعمال کے سائے میں ہوں گے اور یہ تمام عرش کے سائے میں ہوں گے، وَاللّٰہُ اَعۡلَم۔''

حضرت مُصنِّف رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں) ''میں سمجھتا ہوں کہ ابتدائی احادیث مبارکہ جن میں سایۂ عرش کی صراحت ہے انہیں اِن احادیث کے ساتھ ملا دینا چاہئے جن میں سایۂ عرش کی تصریح تو نہیں مگر اس کی طرف واضح اشارہ موجود ہے جیسے نور کے منبر، کرسیوں اور مشک کے ٹیلوں پر بیٹھنے والے، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے حضور حاضر ہونے والے، اس کا سب سے زیادہ قرب پانے والے اور قیامت کے دن اس کی حفظ وامان میں رہنے والے۔

اور پھر یہ کہ ان لوگوں کا سایۂ عرش میں ہونا ان احادیث مبارکہ کی وجہ سے ظاہر ہے جن میں ''رضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لئے باہم محبت کرنے والوں، عادل حکمران، روزہ دار، سود وزناء سے بچنے والوں اور عیادت کرنے والوں کا ذکر ہے۔ اور وہ احادیث مبارکہ جن میں سایۂ عرش کی طرف اشارہ ہے انہی میں سے یہ بھی ہیں۔ چنانچہ،

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ، فیض گنجینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ باقرینہ ہے: ''قیامت کے دن تین اشخاص مُشک کے ٹیلوں پر ہوں گے، انہیں اَلْفَزَعُ الْاَکْبَر (یعنی بڑی گھبراہٹ) خوف زدہ نہ کرے گی (۱) وہ شخص جو کسی قوم کی

www.dawateislami.net

امامت کرے اور وہ اس سے راضی ہو (۲) وہ شخص جو ہر دن اور رات میں اذان دیتا ہو اور (۳) وہ غلام جو اللہ عزَّوَجلَّ اور اپنے آقا کا حق ادا کرے۔''

(جامع الترمذی ، ابواب البر و الصلة ،باب ماجاء فی فضل المملوك الصالح ، الحديث ۱۹۸٦ ،ص ۱۸۵۱ ،بدون لا يهولهم الفزع الاكبر)

اَلْفَزَعُ الْاَکْبَر سے بےخوفی:

حضرت سیِّدُنا ابو سعید خدری اور حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ہم نے سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب سینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''قیامت کے دن تین اشخاص سِیاہ مُشک کے ٹیلے پر ہوں گے، انہیں اَلْفَزَعُ الْاَکْبَر (یعنی بڑی گھبراہٹ) خوف زدہ نہیں کرے گی اور نہ ہی ان کا حساب ہوگا (۱) وہ شخص جو اللہ عزَّوَجلَّ کی رضا کے لئے قرآن پڑھے اور کسی قوم کی امامت کرے اور وہ اس سے راضی ہو (۲) وہ شخص جو رضائے الٰہی عزَّوَجلَّ کے لئے کسی مسجد میں اذان دے کر لوگوں کو اللہ عزَّوَجلَّ کی طرف بلائے اور (۳) وہ شخص جو دنیا میں غلامی میں مبتلا ہوا مگر غلامی نے اُسے طلبِ آخرت سے دور نہ کیا۔''

(شعب الايمان ،الحديث ۲۰۰۲ ،ج۲، ص ۳٤۸)

لمبی گردنوں والے:

حضرت سیِّدُنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ ''جب قیامت کا دن ہوگا تو سونے کی کرسیاں لائی جائیں گی جو موتیوں اور یاقوت سے جڑی ہوں گی، اس پر باریک اور سبز ریشمی کپڑے بچھے ہوں گے پھر ان پر نور کے گنبد بنائے جائیں گے اور یہ ندا کی جائے گی: ''مؤذنین کہاں ہیں؟'' پس وہ کھڑے ہوں گے

www.dawateislami.net

اور اُن کی گردنیں سب سے لمبی ہوں گی ان سے کہا جائے گا: ''اِن گنبدوں کے نیچے ان کرسیوں پر بیٹھ جاؤ یہاں تک کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ لوگوں کا حساب فرما دے، بے شک آج کے دن تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم غمگین ہو گے۔''

(تاریخ بغداد ،الرقم: ٤٤٨٠ داؤد بن ابراھیم بن داؤد......الخ ،ج٨، ص ٣٧٤)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خاص بندے:

(۱)......حضرت سیِّدُنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ،رء وف رحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''بے شک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے بعض بندوں کو اپنی رضا کے لئے لوگوں کی حاجات پورا کرنے کے لئے خاص کرلیا ہے اور اس نے عہد فرمایا ہے کہ انہیں عذاب نہ دے گا، پھر جب قیامت کا دن ہوگا تو انہیں نور کے منبروں پر بٹھایا جائے گا، وہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ہم کلامی کا شرف پا رہے ہوں گے جبکہ لوگ حساب میں ہوں گے۔''

(فیض القدیر،حرف الھمزہ تحت الحدیث ٢٣٥٠،ج٢،ص ٦٠٥)

(۲)......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ **اللہ** کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ لوگ گھبرائے ہوئے اپنی حاجات ان کے پاس لاتے ہیں، یہ بندے قیامت کے دن عذابِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ سے امن میں ہوں گے۔''

(کنز العمال ،کتاب الزکاۃ ، الحدیث ١٦٤٦١،ج٦، ص ١٩٠)

ہجرت کرنے والوں کی شان:

حضرت سیِّدُنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضورنبیٔ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ افلاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: ''ہجرت

www.dawateislami.net

کرنے والوں کے لئے سونے کے منبر ہیں، وہ قیامت کے دن اُن پر بیٹھیں گے اور گھبراہٹ سے امن میں ہوں گے۔"

(فیض القدیر ،حرف الام ، تحت الحدیث ۷۳۵۳، ج ۵، ص ۳۷۳)

علم سے گفتگو اور حلم سے خاموشی:

حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے، آپ رضی اللہ تعالٰی عنہ ارشاد فرماتے ہیں: "سات اشخاص قیامت کے دن **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے سایۂ رحمت میں ہوں گے جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا (۱) وہ شخص جو اپنے مسلمان بھائی سے ملاقات کرے اور کہے کہ "میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے تجھ سے محبت کرتا ہوں۔" اور دوسرا بھی اسی کی مثل کہے (۲) وہ شخص جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرے تو خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ سے اس کی آنکھیں اشکبار ہو جائیں (۳) وہ شخص جو اپنے دائیں ہاتھ سے صدقہ کرے تو اُسے بائیں سے چھپائے (۴) وہ شخص جسے کوئی منصب و جمال والی عورت اپنی طرف دعوتِ (گناہ) دے اور وہ کہے کہ "میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتا ہوں۔" (۵) وہ شخص جس کا دل مساجد سے محبت کی وجہ سے انہی میں لگا رہے (۶) وہ شخص جو اوقاتِ نماز کے لئے سورج کی رعایت کرتا ہو (یعنی وقت میں نماز پڑھتا ہو) اور (۷) وہ شخص کہ اگر بولے تو علم کی بات کرے اور اگر خاموش رہے تو حلم کے سبب خاموش رہے۔" (کتاب الزھد لامام احمد بن حنبل ، الحدیث ۸۱۹، ص ۱۷۳)

حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نبیِ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، رسولِ اَکرم، شہنشاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلَّم کا فرمانِ ذیشان ہے: "سات اشخاص کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے علاوہ

www.dawateislami.net

کوئی سایہ نہ ہوگا (۱)......وہ شخص جس کا دل مسجدوں میں لگا رہے (۲)......وہ شخص جسے کوئی منصب والی عورت دعوتِ (گناہ) دے اور وہ کہے کہ "میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتا ہوں۔" (۳)......وہ شخص جس نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی حرام کردہ چیزوں سے اپنی آنکھ کو بچایا (۴)......وہ آنکھ جس نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں پہرا دیا اور (۵)......وہ آنکھ جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے خوف سے روئے۔"[1]

(جامع الصغیر،الحدیث٤٦٤٧،ص ٢٨٥)

اختتامِ کتاب:

(علامہ سیوطی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں)"میں نے ان احادیث مبارکہ سے ان خصائل وخوبیوں کو صاف وواضح کردیا ہے جن سے سایۂ عرش پانے والوں کی تعداد ستّر 70 بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوگئی ہے۔تو میں نے آخری دو اشعار کہے:

وَزِدْ بَعْدَ ذَا قَاضِی الْحَوائِجِ صَالِحُ الْعَبِيْدِ وَطِفْلاً وَالشَّهِيْدُ بِقَتْلِهِ

وَأَمَّا وَتَعْلِيْمًا آذَانًا وَهِجْرَةً فَزَادَتْ عَلَى السَّبْعِيْنَ مِنْ فَيْضِ فَضْلِهِ

ترجمہ: (۱)......اور ان کے بعد دیگر افراد یہ ہیں ۱لوگوں کی حاجات پوری کرنے والا، ۲نیک غلام، ۳مسلمان بچے ۴دورانِ لڑائی شہید ہونے والا۔

(۲)......۵امامت کرنے والا ۶قرآن پاک کی تعلیم دینے والا، ۷اذان دینے والا اور ۸ہجرت کرنے والا پس یہ (ماقبل سے مل کر) **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے 70 سے بھی زائد ہوگئے۔

....

[1]: یہاں صرف پانچ افراد کا بیان ہوا جبکہ ابتداء میں سات کا ذکر تھا۔"جامع صغیر" کی روایت میں باقی دو کا ذکر موجود ہے اور وہ یہ ہیں"وہ دو اشخاص جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے لئے باہم محبت کرتے ہیں۔"

www.dawateislami.net

اِن کو میرے عرش کے سائے میں کردو:

حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم ارشاد فرماتے ہیں کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن ارشاد فرمائے گا: ''لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللہ کہنے والوں کو میرے عرش کے سائے میں کردو بے شک میں ان سے محبت کرتا ہوں۔''

(١٢٥)......(فردوس الاخبار ،حرف الیاء ، الحدیث ٨١١٥، ج٢، ص ٤٦٠)

رزق میں کشادگی اور دل کی پاکیزگی

فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ علیہ وسلَّم: (١)...... ''ایک دوسرے کو کھانا بھیجا کرو اس سے تمہارے رزق میں کشادگی (یعنی برکت) ہوگی۔''

(الجامع الصغیر مع فیض القدیر ، الحدیث ٣٣٧٦ ،ج٣ ،ص ٣٥٨)

(٢)...... ''ایک دوسرے کو ہدیہ دیا کرو کہ یہ محبت کو بڑھاتا اور دل کو کینہ سے پاک کرتا ہے۔''

(الجامع الصغیر مع فیض القدیر ، الحدیث ٣٣٧٩ ،ج٣ ،ص ٣٥٩)

(٣)...... ''ایک دوسرے کو تحفہ دو، محبت بڑھے گی اور مصافحہ کرو کینہ دور ہوگا۔''

(الجامع الصغیر مع فیض القدیر ، الحدیث ٣٣٧٤ ، ج٣ ، ص ٣٥٧ بینکم بدله عنکم)

www.dawateislami.net

ماٰخذومراجع

نمبرشمار	کتاب	مصنف/مؤلف	مطبوعہ
1	قرآن مجید	کلام باری تعالیٰ	ضیاء القرآن لاهور
2	كنزالایمان فی ترجمة القرآن	امام احمد رضا خان رحمہ اللہ(م ۱۳٤۰ھ)	ضیاء القرآن لاهور
3	الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور	امام جلال الدین السیوطی الشافعی رحمہ اللہ(م ۹۱۱ھ)	دارالفکر
4	تفسیر الطبری	امام محمد بن جریرالطبری رحمہ اللہ (م ۳۱۰ھ)	دارالکتب العلمیة
5	تفسیرروح المعانی	شہاب الدین السید محمود الآلوسی رحمہ اللہ (م ۱۲۷۰ھ)	دار التراث العربی
6	صحیح البخاری	امام محمدبن اسماعیل البخاری رحمہ اللہ(م ۲۵٦ھ)	دارالکتب العلمیة
7	صحیح مسلم	امام مسلم بن حجاج نیشاپوری رحمہ اللہ(م ۲٦۱ھ)	دار ابنِ حزم
8	سنن ابن ماجه	امام محمد بن یزید القزوینی ابن ماجه رحمہ اللہ (م ۲۷۳ھ)	دارالمعرفةبیروت
9	سنن الترمذی	امام محمدبن عیسیٰ الترمذی رحمہ اللہ(م ۲۸۹ھ)	دارالفکر
10	مسند امام احمد بن حنبل	امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ(م ۲٤۱ھ)	دارالفکربیروت
11	المستدرك للحاکم	محمد بن عبد الله الحاکم رحمہ اللہ(م ٤۰۵ھ)	دارالمعرفه بیروت
12	المعجم الکبیر	الحافظ سلیمان بن احمد الطبرانی رحمہ اللہ (م ۳٦۰ھ)	داراحیاء بیروت
13	مصنف عبدالرزاق	امام عبدالرزّاق رحمہ اللہ(م ۲۱۱ھ)	دارالکتب العلمیة
14	شعب الایمان	الحافظ احمد بن الحسین البیهقی رحمہ اللہ(م ٤۵۸ھ)	دارالکتب العلمیة
15	حلیة الاولیاء	الامام ابو نعیم الاصفهانی رحمہ اللہ(م ٤۳۰ھ)	دارالکتب العلمیة
16	کتاب الزهدلابن مبارك	الامام عبد الله بن مبارك المروزی رحمہ اللہ (م ۱۸۱ھ)	دارالکتب العلمیة
17	مجمع الزوائد	نورالدین علی بن ابوبکر الهیثمی رحمہ اللہ(م ۸۰۷ھ)	دارالفکر بیروت
18	فتح الباری شرح صحیح البخاری	الحافظ ابن حجرالعسقلانی رحمہ اللہ(م ۸۵۲ھ)	دارالکتب العلمیة
19	المعجم الاوسط	الحافظ سلیمان بن احمد الطبرانی رحمہ اللہ (م ۳٦۰ھ)	دارالکتب العلمیة
20	الجامع الصغیر	الامام جلال الدین السیوطی رحمہ اللہ(م ۹۱۱ھ)	دارالکتب العلمیة
21	المصنف لابن ابی شیبة	الامام عبدالله بن محمد بن ابی شیبة رحمہ اللہ(م ۲۳۵ھ)	دار الفکر بیروت
22	الکامل فی ضعفاء الرجال	الامام ابواحمد عبد الله بن عدی الجرجانی رحمہ اللہ(م ۳٦۵ھ)	دارالکتب العلمیة

www.dawateislami.net

23	مؤطا امام مالک	امام مالك بن انس رحمه الله (م١٧٩ھ)	دار المعرفة بيروت
24	مجمع الزوائد	الحافظ نور الدين على بن ابو بكر الهيثمى رحمه الله(م٨٠٧ھ)	دار الفكر بيروت
25	كنز العمال	علاء الدين على المتقى الهندى رحمه الله(م٩٧٥ھ)	دارالكتب العلمية
26	الترغيب والترهيب	امام زكى الدين عبد العظيم المنذرى رحمه الله(م٦٥٦ھ)	دار الفكربيروت
27	فردوس الاخبارللديلمى	الحافظ شهرويه بن شهردار الديلمى رحمه الله (م٥٠٩ھ)	دارالفكربيروت
28	الزهد للامام احمد بن حنبل	امام احمد بن حنبل رحمه الله(م٢٤١ھ)	دارالغدجديد
29	الاحسان بترتيب صحيح ابن حبان	الحافظ محمد بن حبان رحمه الله(م٣٥٤ھ)	دارالكتب العلمية
30	عمل اليوم والليلة لابن السُّنّى	احمد بن محمد الدِّيْنَوَرى المعروف بابن السُّنّى رحمه الله(م٣٦٤ھ)	دار الكتب العربى بيروت
31	فيض القدير شرح الجامع الصغير	علامه محمد عبد الرءُوف المناوى رحمه الله (م١٠٣١ھ)	دارالكتب العلمية
32	التاريخ البغداد	امام ابو بكر احمد بن على الخطيب البغدادى رحمه الله(م٤٦٣ھ)	دارالكتب العلمية
33	شرح زرقانى للمؤطا	محمد بن عبد الباقى بن يوسف الزرقانى رحمه الله(م١١٢٢)	دارالاحياء التراث
34	الموضاعات	امام ابو الفرج عبدالرحمن بن على بن الجوزى رحمه الله (م٥١٠ـ٥٩٧ھ)	دارالفكربيروت
35	سيراعلام النبلاء	امام شمس الدين محمد بن احمد الذهبى رحمه الله(م٧٤٨ھ)	دارالفكربيروت
36	جامع العلوم والحكم	ابو الفرج عبدالرحمن بن شهاب الدين رجب الحنبلى البغدادى رحمه الله	دارالكتب العلمية
37	كتاب الدعاء	الحافظ سليمان بن احمد الطبرا نى رحمه الله (م٣٦٠ھ)	دارالكتب العلمية
38	موسوعه لامام ابن ابى الدنيا	الحافظ ابو بكر عبدالله بن محمد بن عبيد ابن ابى الدنى رحمه الله(م٢٨١)	دارالكتب العلمية
39	مسند الحارث	حارث بن اسامه رحمه الله(م ٢٨٢ھ)	المكتبةالشاملة
40	فضيلةالعادلين لابى نعيم اصبهانى	ابو نعيم اصبهانى رحمه الله	المكتبةالشاملة
41	مكارم اخلاق	الحافظ ابو بكر عبدالله بن محمد بن عبيد ابن ابى الدنى رحمه الله(م٢٨١)	دارالكتب العلمية
42	معرفة الصحابه	الامام الحافظ ابو نعيم الاصفهانى رحمه الله(م٤٣٠ھ)	دارالكتب العلمية
43	الترغيب فى فضائل الاعمال وثواب	امام ابن شاهين رحمه الله	المكتبةالشاملة
44	الفتاوى الرضوية	امام احمد رضا خان رحمه الله(م١٣٤٠ھ)	رضافاؤنڈيشن لاهور
45	بهارشريعت	صدرالشريعةمفتى امجدعلى اعظمى رحمه الله(م١٣٦٨ھ)	ضياء القرآن لاهور
46	پردے کے بارے میں سوال جواب	اميراهلسنت علامه مولينامحمدالياس عطارقادرى دام ظله	مكتبةالمدينة

www.dawateislami.net

مجلس المدينة العلمية کی طرف سے پیش کردہ قابلِ مطالعہ کتب

﴿شعبہ کُتُبِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ﴾

(۱) راہِ خداعزوجل میں خرچ کرنے کے فضائل(رَادُّ الْقَحطِ وَالْوَبَاءِ بِدَعْوَةِ الْجِيْرَانِ وَمُوَاسَاةِ الْفُقَرَاءِ) (کل صفحات40)

(۲) دعاء کے فضائل(اَحْسَنُ الْوِعَاءِ لِآدَابِ الدُّعَاءِ مَعَهُ ذَيْلُ الْمُدَّعَا لِاَحْسَنُ الْوِعَاءِ)(کل صفحات140)

(۳) عیدین میں گلے ملنا کیسا؟ (وِشَاحُ الْجِيْدِ فِيْ تَحْلِيْلِ مُعَانَقَةِ الْعِيْدِ) (کل صفحات:55)

(٤) کرنسی نوٹ کے شرعی احکامات(كِفْلُ الْفَقِيْهِ الْفَاهِمِ فِيْ اَحْكَامِ قِرْطَاسِ الدَّرَاهِمْ)(کل صفحات199)

(۵) والدین،زوجین اوراساتذہ کے حقوق(اَلْحُقُوقُ لِطَرْحِ الْعُقُوْقِ)(کل صفحات:125)

(٦) اعلیٰ حضرت سے سوال جواب(اِظْهَارُ الْحَقِّ الْجَلِيْ)(کل صفحات100)

(۷) ولایت کا آسان راستہ (تصورشیخ)(اَلْيَاقُوْتَةُ الْوَاسِطَةُ)(کل صفحات:60)

(۸) شریعت وطریقت (مقالِ عرفاباعزازِ شرع وعلما) (کل صفحات:57)

(۹) معاشی ترقی کاراز (حاشیہ وتشریح تدبیر فلاح ونجات واصلاح)(کل صفحات:41)

(۱۰) ثبوتِ ہلال کے طریقے(طُرُقُ اِثْبَاتِ هِلَالٍ)(کل صفحات:63)

(۱۱) ایمان کی پہچان (حاشیہ تمہید ایمان)(کل صفحات:74)

عربی کتب: از امام اہلسنت مجدد دین وملت مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

(۱۲) كِفْلُ الْفَقِيْهِ الْفَاهِمِ (کل صفحات74)۔ (۱۳) تَمْهِيْدُ الْاِيْمَان ۔ (کل صفحات:77) (۱٤) اَلْاِجَازَاتُ الْمَتِيْنَة (کل صفحات62)۔ (۱۵) اِقَامَةُ الْقِيَامَةِ (کل صفحات60) (۱٦) اَلْفَضْلُ الْمَوْهَبِيْ (کل صفحات46) (۱۷) اَجْلَى الْاِعْلَامِ (کل صفحات70) (۱۸) اَلزَّمْزَمَةُ الْقَمَرِيَّة (کل صفحات93)

(۱۹، ۲۰، ۲۱) جَدُّ الْمُمْتَارِ عَلٰى رَدِّالْمُحْتَارِ(المجلد الاول والثانی والثالث)(کل صفحات713672570)

﴿شعبہ اصلاحی کتب﴾

(۲۲) خوفِ خداعزوجل(کل صفحات:160) (۲۳) انفرادی کوشش (کل صفحات:200)

(۲۴) تنگ دستی کے اسباب (کل صفحات:33) (۲۵) فکرِ مدینہ(کل صفحات164)

(۲٦) امتحان کی تیاری کیسے کریں؟(کل صفحات:32) (۲۷) نماز میں لقمہ کے مسائل (کل صفحات:39)

(۲۸) جنت کی دو چابیاں(کل صفحات152) (۲۹) کامیاب استاذ کون؟ (کل صفحات:43)

www.dawateislami.net

(۳۰) نصاب مدنی قافلہ (کل صفحات 196)
(۳۱) کامیاب طالب علم کون؟ (کل صفحات: تقریباً 63)
(۳۲) فیضانِ احیاء العلوم (کل صفحات: 325)
(۳۳) مفتیٔ دعوتِ اسلامی (کل صفحات: 96)
(۳۴) حق و باطل کا فرق (کل صفحات: 50)
(۳۵) تحقیقات (کل صفحات 142)
(۳۶) اربعین حنفیہ (کل صفحات: 112)
(۳۷) عطاری جن کا غسلِ میّت (کل صفحات: 24)
(۳۸) طلاق کے آسان مسائل (کل صفحات: 30)
(۳۹) توبہ کی روایات و حکایات (کل صفحات 124)
(۴۰) قبر کھل گئی (کل صفحات 48)
(۴۱) آدابِ مرشدِ کامل (مکمل پانچ حصے) (کل صفحات 275)
(۴۲) ٹی وی اور مووی (کل صفحات 32)
(۴۳ تا ۴۹) فتاوی اہل سنت (سات حصے)
(۵۰) قبرستان کی چڑیل (کل صفحات 24)
(۵۱) غوثِ پاک رضی اللہ عنہ کے حالات (کل صفحات 106)
(۵۲) تعارفِ امیرِ اہلسنّت (کل صفحات 100)
(۵۳) رہنمائے جدول برائے مدنی قافلہ (کل صفحات 255)
(۵۴) مدنی کاموں کی تقسیم (کل صفحات 68)
(۵۵) دعوتِ اسلامی کی مَدَنی بہاریں (کل صفحات 220)
(۵۶) تربیتِ اولاد (کل صفحات 187)
(۵۷) آیاتِ قرآنی کے انوار (کل صفحات 62)
(۵۸) احادیثِ مبارکہ کے انوار (کل صفحات 66)
(۵۹) فیضانِ چہل احادیث (کل صفحات 120)
(۶۰) بدگمانی (کل صفحات 57)
(۶۱) غافل درزی (کل صفحات 36)
(۶۲) بدنصیب دولہا (کل صفحات 32)
(۶۳) گونگا مبلغ (کل صفحات 55)
(۶۴) کرسچین مسلمان ہو گیا (کل صفحات 32)
(۶۵) دعوتِ اسلامی کی جیل خانہ جات میں خدمات (کل صفحات 24)
(۶۶) قومِ جنّات اور امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَۃ (کل صفحات 262)

﴿شعبہ تراجمِ کتب﴾

(۶۷) جنت میں لے جانے والے اعمال (اَلْمَتْجَرُ الرَّابِحُ فِیْ ثَوَابِ الْعَمَلِ الصَّالِحِ) (کل صفحات: ۷۴۳)
(۶۸) جہنم میں لے جانے والے اعمال..جلد اول (الزواجر عن اقتراف الکبائر) (کل صفحات 853)
(۶۹) مدنی آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے روشن فیصلے (اَلْبَاهِرُ فِیْ حُکْمِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ) (کل صفحات 112)
(۷۰) نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں (قُرَّةُ الْعُیُوْنِ وَمُفَرِّحُ الْقَلْبِ الْمَحْزُوْنِ) (کل صفحات 138)
(۷۱) سایۂ عرش کس کس کو ملے گا...؟ (تَمْهِیْدُ الْفَرْشِ فِی الْخِصَالِ الْمُوْجِبَةِ لِظِلِّ الْعَرْشِ) (کل صفحات 28)
(۷۲) حسنِ اخلاق (مَکَارِمُ الْاَخْلَاق) (کل صفحات 74) (۷۳) بیٹے کو نصیحت (اَیُّهَا الْوَلَد) (کل صفحات: 64)

www.dawateislami.net

(۷۴) الدعوة الی الفکر (کل صفحات148) (۷۵) آنسوؤں کا دریا(بَحرُالدُّمُوع)(کل صفحات:300)

(۷۶)راہِ علم (تَعلِیمُ الْمُتَعَلِّم طَرِیقَ التَّعَلُّم)(کل صفحات:102)(۷۷)عُیُونُ الْحِکَایَات(مترجم)(کل صفحات:412)

(۷۸)شاہراہ اولیاء(مِنهَا جُ الْعَارِفِينَ)(کل صفحات:36)

﴿شعبہ درسی کتب﴾

(۷۹) تعریفاتِ نحویہ(کل صفحات:45)

(۸۰) کتاب العقائد (کل صفحات:64)

(۸۱) نزهة النظر شرح نخبة الفکر (کل صفحات175)

(۸۲) اربعین النوویہ (کل صفحات:121)

(۸۳) نصاب التجوید(کل صفحات:79)

(۸۴) گلدستہ عقائد واعمال(کل صفحات:180)

(۸۵) وقایة النحو فی شرح ھدایة النحو

(۸۶)شرح مایة عامل(کل صفحات:38)

(۸۷)صرف بہائی مع حاشیہ صرف بنائی(کل صفحات:55)

(۸۸)المحادثة العربیة(کل صفحات101)

(۸۹)شرح اربعین النوویہ فی الاحادیث الصحیحة النبویة(کل صفحات:155)

(۹۰)نصاب الصرف(کل صفحات:343)

(۹۱)دروس البلاغةمع شموس البراعة(کل صفحات:241)

(۹۲)مراح الارواح(کل صفحات:241)

﴿شعبہ تخریج﴾

(۹۳) عجائب القرآن مع غرائب القرآن(کل صفحات:422)

(۹۴) جنتی زیور(کل صفحات:679)

(۹۵تا۱۰۰) بہارِ شریعت (چھ حصے)

(۱۰۱)اسلامی زندگی(کل صفحات:170)

(۱۰۲) آئینۂ قیامت(کل صفحات:108)

(۱۰۳)صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم(کل صفحات274)

(۱۰۴)اُمہات المؤمنین(کل صفحات:59)

(۱۰۵)علم القرآن(کل صفحات:244)

(۱۰۶)اخلاق الصالحین(کل صفحات:78)

(۱۰۷)اچھے ماحول کی برکتیں(کل صفحات:56)

(۱۰۸)جہنم کے خطرات(کل صفحات:207)

حضرتِ سیدنا عبداللہ بن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا گیا کہ ''انسان کون ہیں؟'' فرمایا، ''علماء۔'' پھر پوچھا گیا کہ ''بادشاہ کون ہیں؟'' فرمایا، ''آخرت کے لئے دنیا سے روگردانی کرنے والے۔'' پھر پوچھا گیا کہ ''بے وقوف کون ہیں؟'' فرمایا، ''اپنے دین کے بدلے دنیا کمانے والے لوگ۔'' (المحدث الفاصل، ج۱، ص۲۰۵)

www.dawateislami.net







اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُنّت کی بہاریں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسُنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے مہکے مہکے مَدَنی ماحول میں بکثرت سُنّتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں، ہر جُمعرات مغرب کی نَماز کے بعد آپ کے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں ساری رات گزارنے کی مَدَنی اِلتجا ہے، عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں سُنّتوں کی تربیت کے لیے سفر اور روزانہ "**فکرِ مدینہ**" کے ذَرِیعے مَدَنی انعامات کا رِسالہ پُر کرکے اپنے یہاں کے ذِمّہ دار کو جمع کروانے کا معمول بنالیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس کی بَرَکت سے پابندِ سُنّت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لیے کُڑھنے کا ذِہن بنے گا۔

ہر اسلامی بھائی اپنا یہ ذِہن بنائے کہ "**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔**" اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنی اِصلاح کی کوشش کے لیے "**مَدَنی انعامات**" پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے "**مَدَنی قافلوں**" میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

- کراچی: شہید مسجد، کھارادر۔ فون: 021-32203311
- لاہور: داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ۔ فون: 042-37311679
- سردار آباد (فیصل آباد): امین پور بازار۔ فون: 041-2632625
- کشمیر: چوک شہیداں میر پور۔ فون: 058274-37212
- حیدرآباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن۔ فون: 022-2620122
- ملتان: نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 061-4511192
- اوکاڑہ: کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد نزد تحصیل کونسل ہال فون: 044-2550767
- راولپنڈی: فضل داد پلازہ کمیٹی چوک، اقبال روڈ۔ فون: 051-5553765
- پشاور: فیضانِ مدینہ گلبرگ نمبر 1 النور سٹریٹ، صدر۔
- خان پور: دُرانی چوک نہر کنارہ۔ فون: 068-5571686
- نواب شاہ: چکرا بازار نزد MCB۔ فون: 0244-4362145
- سکھر: فیضانِ مدینہ بیراج روڈ۔ فون: 071-5619195
- گوجرانوالہ: فیضانِ مدینہ شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ۔ فون: 055-4225653
- گلزارِ طیبہ (سرگودھا) ضیا مارکیٹ، بالمقابل جامع مسجد سید حامد علی شاہ۔ 048-6007128

مکتبۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)
فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
فون: 021-34921389-93 Ext: 1284
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net